WWW.ASIAURDU.COM

20 JUNE 2026

بہاولپور اور ملتان سے بیک وقت شائع ہونے والا اخبار

ایک نئی سوچ کے ساتھ ہر صبح ——— عوامی امنگوں کا ترجمان

روزنامہ

ایشیاء اردو

بہاولپور پاکستان

ایڈیٹر انچیف: جنید ملک

جلد نمبر 3 | ہفتہ 04 محرم الحرام 1448ھ 20 جون 2026ء 06 پیج 4 صفحات 4 قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 199

جمعہ کو طے شدہ پروگرام کے مطابق برجنسٹاک میں امریکا ایران مذاکرات نہیں ہوں گے، سوئس وزارت خارجہ

امریکا و ایران کے درمیان ہونیوالے مذاکرات منسوخ

نائب صدر جے ڈی وینس ایران کے ساتھ مذاکرات کیلئے سوئٹزرلینڈ روانہ نہیں ہوں گے، وائٹ ہاؤس

جنیوا، واشنگٹن (پینا نیوز) امریکا اور ایران کے درمیان جمعہ کو سوئٹزرلینڈ کے شہر شہر برجن سٹاک میں طے شدہ مذاکرات منسوخ ہو گئے۔ سوئٹزرلینڈ اور وائٹ ہاؤس نے تصدیق کر دی۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق سوئٹزرلینڈ کی وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ امریکہ اور ایران کے مابین جمعہ کو طے شدہ پروگرام کے مطابق برجنسٹاک میں امریکا ایران مذاکرات

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

ایران کیساتھ مذاکرات میں تعطل نہیں آیا، اسحاق ڈار

60 روز کے اندر اندر دوسرے مرحلے کے ان مذاکرات کو مکمل کرنا ہے

بات چیت کے عمل میں کسی قسم کی کوئی رکاوٹ نہیں ہوئی، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (پینا نیوز) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار نے ان افواہوں کی تردید کر دی ہے کہ ایران کے ساتھ مذاکرات میں کوئی تعطل آیا

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)



اسلام آباد، وزیر اعظم میں شہباز شریف قومی اسمبلی کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں ———

قومی اسمبلی اجلاس، وزیر اعظم کی اپوزیشن بینچز آمد

محمود اچکزئی، بیرسٹر گوہر اور اسد قیصر سے ملاقات کی

اپوزیشن کے تحفظات اور مطالبات انتہائی غور سے سنا

اسلام آباد (پینا نیوز) قومی اسمبلی کے جاری بجٹ اجلاس کے دوران غیر معمولی اور مثبت سیاسی پیش رفت سامنے آئی جب وزیر اعظم شہباز شریف خود

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزیوں پر پاکستان کا اظہار تشویش کا خط یو این کو

سلامتی کونسل اس بگڑتی ہوئی اور نازک صورتحال کا نوٹس لے اور بھارت کو مبینہ خلاف ورزیوں پر جوابدہ ٹھہرائے

بھارت کی جانب سے دریائے چناب کے نظام سے متعلق دو غیر قانونی آبی منصوبے تعمیر کیے جا رہے ہیں، خط

نیویارک (پینا نیوز) اقوام متحدہ میں پاکستان کے سفیر عاصم افتخار احمد نے نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی جانب سے لکھا گیا ایک خط اقوام متحدہ سلامتی کونسل کی جون کیلئے صدر لیونور زلاباٹا ٹوریس کے حوالے کر دیا ہے، جس میں بھارت کی

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

خیبر پختونخوا کا 2.17 ٹریلین کا بجٹ پیش، 7 فی صد اضافہ، کم از کم اجرت 45 ہزار مقرر

تنخواہوں میں 7 فی صد اضافہ، کم از کم اجرت 45 ہزار مقرر

صحافیوں کی فلاح و بہبود کے لیے ایک ارب، ضم اضلاع میں احساس نوجوان پروگرام کے لیے 200 ملین مختص

بجٹ تقریر کے دوران اپوزیشن ارکان کا شدید شور شرابا، حوصلہ رکھیں، اپوزیشن ارکان کو پانی پلائیں، وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخواہ سہیل آفریدی نے مالی سال 2026-27 کا 2170 ارب روپے کا بجٹ اسمبلی میں پیش کر دیا جس میں 48 ارب روپے کا خسارہ ظاہر کیا گیا ہے، انہوں نے کہا کہ سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن میں 7 فیصد اضافہ

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

پٹرول 14، ڈیزل میں فی لیٹر 67 روپے کمی

عوام سے کیا وعدہ پورا کر دیا، شہباز شریف

پٹرول کی فی لٹر 373 سے کم ہو کر 299 جبکہ ڈیزل کی قیمت 378 سے کم ہو کر 311 روپے ہوگئی، عوام کی مشکلات کا مکمل احساس، صبر و تحمل کا مظاہرہ کرنے پر عوام کے شکر گزار ہیں

وفاقی حکومت نے ترقیاتی بجٹ اور کفایت شعاری سے حاصل ہونے والی بچت میں سے 129 ارب روپے استعمال کر کے عوام کو ممکنہ حد تک ریلیف فراہم کیا، وزیر اعظم کا قومی اسمبلی میں خطاب

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے عوام کیلئے بڑے ریلیف کا اعلان کرتے ہوئے پٹرول کی قیمت میں 74 روپے اور ہائی سپیڈ ڈیزل کی قیمت میں 67 روپے فی لٹر کمی کا اعلان کر دیا۔ وزیر اعظم کے مطابق پٹرول کی فی لٹر قیمت 373 روپے سے کم ہو کر 299 روپے جبکہ ڈیزل کی قیمت 378 روپے سے کم ہو کر 311 روپے فی لٹر ہو جائے گی۔ اپنے بیان میں وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا کہ خطے میں معاشی صورتحال میں بہتری اور عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں کمی کا پورا فائدہ فوری طور پر عوام کو منتقل کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قوم سے کیا گیا وعدہ پورا کرنے جا رہے ہیں اور عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ حکومت کو عوام کی مشکلات کا مکمل احساس ہے اور مشکل حالات

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

وفاقی کابینہ نے پرائیویٹ حج پالیسی 2027 تا 2030 کی منظوری دیدی

اسلام آباد (پینا نیوز) وفاقی کابینہ نے پرائیویٹ حج پالیسی 2027 تا 2030 کی منظوری دے دی، پرائیویٹ حج آپریٹرز میں کوٹہ سسٹم

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

کراچی پورٹ نے کنٹینر ہینڈلنگ کا اپنا ہی ریکارڈ توڑ دیا، جنید انور چوہدری

اسلام آباد (پینا نیوز) وفاقی وزیر بحری امور محمد جنید انوار چوہدری نے کہا ہے کہ کراچی پورٹ ٹرسٹ (کے پی ٹی) نے رواں مالی سال کے اختتام سے

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

وزیر اعظم آئندہ 48 گھنٹوں میں سعودی عرب کا اہم دورہ کرینگے

اسلام آباد (پینا نیوز) وزیر اعظم شہباز شریف آئندہ 48 گھنٹوں میں سعودی عرب کا دورہ کریں گے۔ ذرائع کے مطابق دورہ کے دوران وزیر اعظم

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

پاسپورٹ کے اجراء کو مکمل طور پر ای پاسپورٹ پر منتقل کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (پینا نیوز) حکومت نے پاسپورٹ کے اجراء کو مکمل طور پر ای پاسپورٹ پر منتقل کرنے کا اصولی فیصلہ کر لیا۔ وفاقی وزیر داخلہ کا کہنا ہے کہ

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

قومی اسمبلی میں ایران امریکا ڈیل پر تہنیتی قرارداد متفقہ طور پر منظور

اسلام آباد (پینا نیوز) قومی اسمبلی نے ایران امریکا امن ڈیل پر تہنیتی قرارداد متفقہ طور پر منظور کر لی۔ وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے قرارداد ایوان

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

گلگت بلتستان، آئی پی پی مخصوص نشستوں کے لئے اہل قرار

اسلام آباد (پینا نیوز) الیکشن کمیشن گلگت بلتستان نے استحکام پاکستان پارٹی کو مخصوص نشستوں کیلئے اہل قرار دیدیا۔ تفصیلات کے مطابق پیپلز پارٹی نے

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

کے پی کابینہ نے صوبائی بجٹ کی منظوری دے دی

پشاور (پینا نیوز) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کی زیر صدارت کابینہ اجلاس میں آئندہ مالی سال 27_2026 کے بجٹ کی منظوری دی

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

پیپلز پارٹی نے ملازمین کی تنخواہوں میں 10 فیصد اضافے کا مطالبہ کر دیا

اسلام آباد (پینا نیوز) پیپلز پارٹی نے سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں 10 فیصد اضافے کا مطالبہ کر دیا۔ قومی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کرتے

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

باہمی احترام کے سائے میں ہی پائیدار امن ممکن ہے، ایران

معاہدے کی خلاف ورزی کا سخت جواب دیا جائیگا، وعدہ خلافی ہوئی تو ہم بھرپور ردعمل دیں گے، باقر قالیباف

آبنائے ہرمز سے گزرنے کیلئے اجازت نامے جلد جاری کریں گے، 60 دن تک کوئی فیس وصول نہیں کی جائے گی

تہران (پینا نیوز) ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے امریکا سے معاہدے کی دستخط شدہ کاپی سوشل میڈیا پر شیئر کرتے ہوئے اس کی اہم شقوں کو تاریخی پیش رفت قرار دیا اور کہا ہے باہمی احترام کے سائے میں ہی پائیدار امن ممکن ہے۔ معاہدے میں ایران پر عائد پابندیوں کے خاتمے سمیت متعدد اہم فیصلے شامل ہیں۔ معاہدے پر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ، ایرانی صدر مسعود پزشکیان اور وزیر اعظم پاکستان

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)



اسلام آباد: وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، فنانس ڈویژن میں کابینہ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسرائیل کے جنوبی لبنان پر حملے 16 افراد شہید، 4 صیہونی فوجی ہلاک

جنوبی لبنان پر گزشتہ رات اسرائیل نے شدید ترین بمباری کی، جس میں متعدد رہائشی مکانات کو نشانہ بنایا

سینئر اسرائیلی عہدیدار نے کہا تھا جنوبی لبنان میں تعیناتی سے متعلق اسرائیل موقف سے پیچھے ہٹنے کا ارادہ نہیں رکھتا

تل ابیب (پینا نیوز) اسرائیل باز نہ آیا، جنوبی لبنان کے ضلع نبطیہ پر فضائی حملے کر دیے۔ لبنانی سرکاری خبر ایجنسی کے مطابق نبطیہ پر اسرائیلی فضائی گولہ باری میں 16 افراد جاں بحق ہو گئے، جبکہ متعدد افراد زخمی بھی ہوئے۔ 4 صیہونی فوجی بھی ہلاک ہوئے۔ جنوبی لبنان پر گزشتہ رات اسرائیل نے شدید ترین بمباری کی، جس میں متعدد رہائشی مکانات کو نشانہ بنایا گیا۔ اس سے قبل سینئر اسرائیلی عہدیدار

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

ٹرمپ کا مودی پر طنز، مسکراتے ہوئے قاتل قرار دیدیا

مودی دنیا کے سخت ترین مذاکرات کاروں میں سے ایک ہیں، امریکی صدر



واشنگٹن (پینا نیوز) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے فرانس میں ہونے والے جی 7 سربراہی اجلاس کے دوران بھارتی وزیر اعظم نریندر

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

پنجاب کے سرکاری اسکولوں کو مالی خودمختاری دینے کا منصوبہ 13 نئے ریونیو آپشنز زیر غور

لاہور (پینا نیوز) محکمہ سکول ایجوکیشن پنجاب

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)



وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری کو آر پی او فیصل آباد مجالس اور جلوسوں کی سیکورٹی انتظامات پر بریفنگ دے رہے ہیں

سپیکر قومی اسمبلی سے رومانیہ کے سفیر کی ملاقات

ڈین سٹوئینسکو نے امریکا، ایران کے درمیان معاہدے کو سراہا



اسلام آباد (پینا نیوز) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے رومانیہ کے سفیر ڈاکٹر ڈین سٹوئینسکو نے پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات کی،

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

صدر نے چیف جسٹس پاکستان اور چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت کی روس عالمی قانونی فورم میں شرکت کی منظوری دیدی

اسلام آباد (پینا نیوز) صدر مملکت آصف علی

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)



پشاور: وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی مالی سال 2026-27 کا سالانہ بجٹ پیش کر رہے ہیں

اٹلی نے 7 تاریخی نوادرات پاکستان واپس پہنچا دیئے

اسلام آباد (پینا نیوز) پاکستان کو اٹلی کی جانب سے 7 تاریخی نوادرات موصول ہو گئے۔ اٹلی میں

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

آبی جارحیت کا بھی مکمل بندوبست کیا جائیگا: وفاقی وزیر خواجہ آصف



اسلام آباد (پینا نیوز) وفاقی وزیر دفاع خواجہ آصف نے پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

ناکجر کے ہوئی اڈے پر مسلح افراد کا حملہ، آور 35 افراد ہلاک

ہلاک ہونے والوں میں 22 حملہ آور، 11 فوجی اور دو عام شہری شامل، چار حملہ آور زخمی بھی ہیں، 20 مشتبہ افراد کو گرفتار

آر پی جی 7 لانچرز، اے کے 47 رائفلیں، دھماکہ خیز مواد، گرینیڈ، مواصلاتی آلات اور بھاری مقدار میں اسلحہ بھی قبضے میں لیا گیا

نیامی (پینا نیوز) ناگجر کے حکام نے کہا ہے کہ ملک کے سب سے بڑے ہوائی اڈے پر مسلح افراد کے حملے میں 35 افراد ہلاک ہو گئے۔ مسلم اکثریتی

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

خراب شہرت رکھنے والا جج عدالتی منصب پر برقرار نہیں رہ سکتا، سپریم کورٹ

سپریم کورٹ کا میسلی میں تعینات ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کیس میں اہم فیصلہ

اسلام آباد (پینا نیوز) سپریم کورٹ نے اپنے ایک فیصلے میں قرار دیا ہے کہ خراب شہرت رکھنے والا جج جس کی دیانتداری پر شکوک و شبہات موجود ہوں عدالتی منصب پر برقرار نہیں رہ سکتا۔ جسٹس شاہد وحید کے تحریر کردہ فیصلے میں میسلی میں تعینات ایک ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کی برطرفی بحال کرتے ہوئے قرار دیا گیا کہ رشوت کا الزام ثابت نہ ہونے کے

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)



وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

پاکستان کی کوئی جامعہ 350 بہترین جامعات میں جگہ نہیں بنا سکی

میساچوسٹس انسٹیٹیوٹ آف ٹیکنالوجی امریکا پہلے، امپیریل کالج لندن دوسرے نمبر پر

کراچی (پینا نیوز) جامعات کی درجہ بندی کرنے والے عالمی ادارے کیو ایس نے دنیا بھر کی جامعات کی درجہ بندی 2027 جاری کر دی۔ درجہ بندی کے مطابق اس سال بھی پاکستان کی ایک بھی جامعہ دنیا کی 350 بہترین جامعات میں جگہ بنا نے

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

GB میں پی پی کو سپورٹ، آزاد کشمیر الیکشن جیتنے کی کوشش کرینگے، رانا ثنا اللہ

وزیر اعظم اور فیلڈ مارشل کے درمیان خلوص، عزت و احترام کا رشتہ، دونوں کو تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھا جائیگا

کابینہ میں تبدیلی وزیر اعظم کا استحقاق، پانی کے معاملے پر بھارت کے ساتھ کچھ کرنا پڑا تو ضرور کرینگے، گفتگو

لاہور (پینا نیوز) وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ مصدقہ اطلاعات ہیں بھارت 5 ڈیم بنا رہا ہے، پانی کے معاملے پر ہمیں بھارت کے ساتھ کچھ کرنا پڑا تو ضرور کریں گے، چیئرمین واپڈا اور میری ملاقات ہوئی تھی، ہم نے پانی کے معاملے پر صدر مملکت سے بھی ملاقات کی، بھارت 5 ڈیم بنا رہا ہے، ڈیم بننے کے بعد بھارت چناب کا پانی روک سکے گا۔ ایک انٹرویو میں انہوں

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

پاکستان سٹاک ایکسچینج کا پہلا ٹریڈنگ سیشن شدید مندی کا شکار

کراچی (پینا نیوز) پاکستان سٹاک مارکیٹ میں پہلے ٹریڈنگ سیشن کا اختتام منفی زون میں ہوا۔

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

اسلام آباد مفاہمتی یادداشت، طاہر اشرفی کا سول و عسکری قیادت کو خراج تحسین



اسلام آباد (پینا نیوز) عالمی امن کے قیام میں پاکستان کے تاریخی کردار پر علامہ طاہر اشرفی نے جمعہ کے خطبے کے دوران عسکری و

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

طالبان حکومت کے ڈرون کی پاکستانی حدود میں داخلے کی کوشش، پاک فضائیہ کے دفاعی نظام نے تباہ کر دیا

خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے سرحدی علاقوں میں مبینہ "آئی ایس کے پی" کے ٹھکانوں کو ڈرون حملوں میں نشانہ بنانے کے دعوے مسترد

ایسے بیانات زمینی حقائق کے منافی اور خطے میں دہشتگردی کے اصل چیلنجز سے توجہ ہٹانے کی کوشش ہیں، وزارت اطلاعات

پاکستان کی دو تہائی آبادی 30 سال سے کم عمر

نوجوانوں کی تعداد 6 کروڑ 70 لاکھ تک پہنچ گئی، ویلتھ پاکستان

اسلام آباد (پینا نیوز) پاکستان کی تقریباً دو تہائی آبادی 30 سال سے کم عمر افراد پر مشتمل ہے جبکہ 15 سے 29 سال کے نوجوانوں کی تعداد تقریباً 6 کروڑ 70 لاکھ تک پہنچ گئی ہے جو ملک کے لیے ترقی کے وسیع امکانات کے ساتھ ساتھ پالیسی سازوں کے لیے ایک اہم چیلنج بھی ہے۔ پاکستان اقتصادی جائزہ 26-2025 کے مطابق ملک کی 66.03 فیصد

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

خیبر پختونخوا بارشوں نے تباہی مچادی، 9 افراد جاں بحق

درجنوں زخمی، متعدد گھروں کو نقصان، جبکہ بجلی و مواصلات کا نظام درہم برہم ہو کر رہ گیا

واقعات ڈیرہ اسماعیل خان، دیر اپر، کوہاٹ اور اورکزئی کے اضلاع میں پیش آئے

پشاور، لاہور (پینا نیوز) ملک کے مختلف شہروں میں تیز آندھی و طوفانی بارشوں نے تباہی مچادی، مختلف حادثات میں خواتین و بچوں سمیت کم از کم 10 افراد جاں بحق اور درجنوں زخمی ہو گئے، متعدد گھروں کو نقصان پہنچا ہے جبکہ بجلی و مواصلات کا نظام درہم برہم ہو گیا۔ تفصیل کے مطابق خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع میں تیز آندھی، موسلا دھار بارشوں اور آسمانی بجلی گرنے کے باعث مختلف حادثات میں 9 افراد

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

پاکستانی فیشن برانڈز امریکا میں دستیاب ہیں، نیٹلی بیکر

پاک امریکا شراکت داری سفارتکاری سے بڑھ گئی ہے، تقریب سے خطاب



اسلام آباد (پینا نیوز) امریکی ناظم الامور نیٹلی بیکر نے کہا ہے کہ پاکستانی فیشن برانڈز اب آن لائن پلیٹ فارمز کے ذریعے امریکی

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

ڈرک ڈیلر پنکی کے ساتھ کام کرنے والے ملزمان 2 روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے

کراچی (پینا نیوز) جوڈیشل مجسٹریٹ جنوبی

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

سابق وفاقی وزیر سینیٹر نیلوفر بختیار دوبارہ ق لیگ میں شامل

سیاسی سفر کا آغاز ق لیگ سے کیا تھا، آج اپنے گھر واپس آئی ہوں



لاہور (پینا نیوز) سابق وفاقی وزیر سینیٹر نیلوفر بختیار دوبارہ مسلم لیگ ق میں شامل ہو گئیں۔ اس حوالے سے چودھری شجاعت حسین

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

طوفان ہار گیا، محبت جیت گئی

پیٹرول پمپ پر نکاح، لاہور میں منفرد شادی کی داستان وائرل

لاہور (پینا نیوز) طوفانی موسم نے شادی کی

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)



لاہور، چیئرمین متروکہ وقف املاک بورڈ قمر الزمان، پدھان سردار رمیش سنگھ و دیگر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں



لاہور، پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے کارکنان مہنگائی کیخلاف احتجاج کر رہے ہیں ———

ایک نئی سوچ کے ساتھ ہر صبح ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY ASIA URDU MULTAN

روزنامہ [redacted] ایشیاء اردو

سر ایڈیٹر انچیف: جنید ملک

ہفتہ 20 جون 2026

اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر دستخط

وزیراعظم شہباز شریف نے ایران اور امریکہ کے درمیان اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر بطور ثالث دستخط کر دیئے ہیں۔ وزیراعظم آفس کے اعلامیے کے مطابق یادداشت پر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور ایران کے صدر مسعود پزشکیان پہلے ہی دستخط کر چکے ہیں۔ واضح رہے کہ امریکہ اور ایران نے جنگ کے خاتمے کے لئے طے کردہ 14 نکاتی یادداشت پر مقررہ وقت سے پہلے ہی دستخط کر دینے کی وجہ سے یہ نافذ العمل بھی ہو چکی ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے جی سیون ممالک کے اجلاس کے موقع پر اِس مفاہمتی یادداشت پر فرانسیسی صدر ایمانوئل میکرون کی موجودگی میں دستخط کیے جبکہ ایرانی سرکاری میڈیا کی طرف سے صدر مسعود پزشکیان کی تصاویر جاری کی گئی ہیں جن میں اُنہیں دستخط کرتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔ ایرانی صدر کے ہاتھ میں جو تصویر تھی اُس میں امریکی صدر کے دستخط موجود تھے یعنی امریکہ صدر کے بعد اُنہوں نے دستخط کیے اور پھر وہ یادداشت پاکستان لائی گئی جس پر پاکستانی وزیراعظم نے بطور ثالث دستخط کیے۔ یادداشت پر دستخط ہو جانے کی وجہ سے جنیوا میں طے شدہ باضابطہ دستخطی تقریب منسوخ کر دی گئی ہے جبکہ اب باضابطہ مذاکرات آج سے سوئٹزر لینڈ کے سیاحتی مقام "برگن سٹاک ریزورٹ" میں شروع ہوں گے۔

اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کے 14 نکات کے مطابق دونوں ممالک نے 60 روز کے اندر حتمی معاہدے پر بات چیت کا اعلان کیا ہے تاہم اِس میعاد میں فریقین کی رضامندی سے اضافہ بھی ہوسکتا ہے۔ معاہدے کے پہلے پیراگراف میں کہا گیا ہے کہ امریکہ، ایران اور اتحادی، لبنان سمیت "تمام محاذوں" پر فوجی کارروائیوں کو فوری اور مستقل ختم کرنے کا اعلان کریں گے۔ امریکہ اور ایران ایک دوسرے کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کا احترام کریں گے اور ایک دوسرے کے اندرونی معاملات میں مداخلت سے گریز کریں گے۔ تیسرے نکتے کے مطابق امریکہ اور ایران دو ماہ میں بات چیت اور حتمی معاہدے کو حاصل کرنے کا عہد کریں گے، 60 روزہ مدت کا باقاعدہ آغاز دونوں ممالک کے رہنماؤں کے دستخط کے فوراً بعد شروع ہو جائے گا۔ چوتھے نکتے میں کہا گیا ہے دستخط ہونے کے بعد امریکہ اپنی بحری ناکہ بندی اور ایرانی بندرگاہوں پر موجود ہر قسم کی رکاوٹوں کو ہٹانا شروع کر دے گا تاہم اِس دوران امریکہ ایرانی بندرگاہوں کے ذریعے جتنے بحری جہازوں کو جانے کی اجازت دیتا ہے وہ آبنائے ہرمز میں ایران کی طرف سے بحال ہونے والی ٹریفک کے تناسب سے ہوگا۔ اسی نکتے میں شامل کیا گیا ہے کہ امریکہ ایک ماہ کے اندر ایران کے اطراف سے اپنی افواج کو ہٹائے گا یعنی عملی طور پر امریکی فوج 28 فروری سے پہلے کی پوزیشن پر واپس چلی جائے گی۔ پانچویں نکتے کے مطابق ایران آبنائے ہرمز کے ذریعے تجارتی جہازوں کو محفوظ راستہ دینے کے لئے اپنی بہترین کوششوں کا استعمال کرتے ہوئے انتظامات کرے گا، تکنیکی اور فوجی رکاوٹوں کو دور کرنے اور بارودی سرنگیں ہٹانے کے آپریشن کی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے ٹریفک فوری طور پر بحال کر دی جائے گی۔ چھٹا نکتہ ایران کی تعمیر نو سے متعلق ہے جس میں کہا گیا ہے کہ امریکہ اور علاقائی شراکت دار ایران میں تعمیر نو اور اقتصادی ترقی کے لئے کم از کم 300 ارب ڈالر مالیت کا ایک منصوبہ تیار کریں گے۔ ساتویں نکتے کے تحت امریکہ ایران پر عائد تمام اقسام کی پابندیاں ختم کرے گا تاہم اِس کا شیڈول بعد میں طے کیا جائے گا۔ آٹھواں نکتہ جوہری ہتھیاروں سے متعلق ہے جس کے مطابق دونوں ممالک اِس بات پر متفق ہیں کہ ایران کبھی جوہری ہتھیار حاصل نہیں کرے گا اور اپنے افزودہ جوہری مواد کو بین الاقوامی جوہری توانائی ایجنسی کی نگرانی میں "غیر مؤثر" کرے گا۔ معاہدے کے نویں اور 10 ویں نکات میں کہا گیا ہے کہ افزودہ یورینیم کے معاملے سے نیٹنے تک ایران کے جوہری پروگرام سے متعلق "سٹیٹس کو" برقرار رہے گا یعنی امریکہ کوئی نئی پابندی ایران پر نہیں لگائے گا جبکہ اِس دوران وہ تیل، پیٹرولیم مصنوعات اور بینکنگ لین دین کے علاوہ نقل و حمل جیسی دیگر متعلقہ خدمات پر بھی چھوٹ دے گا۔ گیارہویں نکتے کے مطابق مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہونے کے بعد امریکہ مکمل طور پر منجمد یا محدود فنڈز فراہم کرنے کا عہد کرتا ہے اور اِس کے طریقہ کار پر مذاکرات کے دوران اتفاق کیا جائے گا۔ دستاویز کے آخری تین نکات طے پا جانے والے نکات کی مانیٹرنگ اور اور حتمی معاہدے سے متعلق ہیں جن میں کہا گیا ہے کہ امریکہ اور ایران مفاہمت نامے کے نفاذ اور مستقبل کے معاہدے کی تعمیل کی نگرانی کے لئے ایک میکنزم قائم کریں گے اور معاہدے کی توثیق اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قرارداد کے ذریعے کی جائے گی۔

مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہونے کی خبروں کے بعد سے تیل کی عالمی قیمتوں میں کمی آنا شروع ہوگئی تھی اور اب اُمید کی جا رہی ہے کہ دستخط ہونے کے بعد ان میں مزید کمی ہوگی اور کئی ممالک کی معیشتیں سکھ کا سانس لیں گی۔ یاد رہے کہ پہلی جنگ عظیم کے بعد 1919ء میں اَمن معاہدہ بھی فرانس کے تاریخی شہر "ورسائی" ہی میں طے پایا تھا جہاں جی سیون کے اجلاس کے دوران امریکی صدر نے "اسلام آباد مفاہمتی یادداشت" پر دستخط کیے۔ دوسری جنگ عظیم کے بعد فروری 1947ء میں ہونے والا اَمن معاہدہ بھی فرانس کے دارالحکومت پیرس میں ہوا تھا۔ اِس مفاہمتی یادداشت کو بھی حالیہ تاریخ کی سب سے بڑی پیشرفت قرار دیا جا رہا ہے۔ بین الاقوامی ماہرین کے نزدیک اِس کے بعد نہ صرف خطے بلکہ دنیا کے اندر بہت سی تبدیلیاں رونما ہوں گی۔ چار دہائیوں سے زائد کے دشمنوں کے درمیان مسائل کا حل بات چیت کے ذریعے نکال لینے سے دنیا بھر میں مذاکرات کے ذریعے مسائل کا حل نکالنے اور آگے بڑھنے کی روش فروغ پائے گی۔ اُمید کی جانی چاہئے کہ دونوں فریق مقررہ مدت کے اندر معاملات کو اُسی صبر و تحمل اور بُردباری سے آگے بڑھائیں گے جس طرح وہ اِس تاریخی کامیابی تک پہنچنے میں کامیاب ہوئے ہیں۔ یہ پاکستان کی بھی تاریخی کامیابی ہے، دنیا بھر میں اسے خراجِ تحسین پیش کیا جا رہا ہے۔ اللہ کرے پاکستانی سیاست اور سیادت کو بلندی راس آئے اور اُس کی اُڑان جاری رہے۔

سپیشل ایڈیشن



رپورٹر

عبدالرحیم

پانی نہیں تو زندگی نہیں

گرمی کی شدت اور ملتانی صاف پانی کی تلاش میں سخت گرمی اور ملتان میں صاف پانی کی تلاش









صوفیوں کے شہر ملتان میں گرمیوں کے آغاز کے ساتھ ہی صاف پانی کی قلت پھر شدت اختیار کرتی دکھائی دے رہی ہے۔ جنوبی پنجاب کے اس بڑے شہر میں موسم گرما کے دوران درجہ حرارت اکثر 45 ڈگری سینٹی گریڈ سے تجاوز کر جاتا ہے، جبکہ آبادی میں اضافے کے باعث پانیکی طلب مسلسل بڑھ رہی ہے۔ ایسے میں شہریوں کے لیے محفوظ پینے کے پانی کی فراہمی ایک بنیادی ضرورت ہے، مگر عملی صورتحال اس کے برعکس نظر آتی ہے۔

سرکاری اعداد و شمار کے مطابق واسا ملتان شہر میں پانی کی فراہمی کے لیے درجنوں ٹیوب ویلز، ذخیرہ گاہیں اور تقریباً 1521 کلومیٹر پائپ لائن نیٹ ورک چلا رہی ہے، جبکہ واسا کے منیجنگ ڈائریکٹر عبدالاسلام نے بتایا کہ ادارہ شہریوں کو روزانہ تقریباً 41 ملین گیلن پینے کا پانی فراہم کر رہا ہے۔

واسا کے موجودہ نظام میں 84 ٹیوب ویل اور تقریباً 500,1 کلومیٹر واٹر سپلائی نیٹ ورک شامل ہے، جس کے ذریعے شہر کے مختلف علاقوں میں دن میں متعدد اوقات پانی فراہم کیا جاتا ہے۔ واسا کی ویب سائٹ کے مطابق شہر میں 84 فعال ٹیوب ویلز اور 18 اوور ہیڈ ریزروائرز بھی نظام کا حصہ ہیں۔

واسا کے ترجمان حسن محمود بخاری کے مطابق مختلف ادوار میں تقریباً 385 واٹر فلٹر پلانٹس نصب کیے گئے تھے تاکہ شہریوں کو صاف پینے کا پانی میسر آسکے ابتدا میں یہ منصوبہ امید کی کرن سمجھا گیا، مگر وقت کے ساتھ متعدد فلٹر پلانٹس غیر فعال ہوتے گئے۔ کئی علاقوں میں پلانٹس بند، مشینری خراب یا بجلی سے محروم پائے گئے ہیں جبکہ فنڈ کم ہونے پر 120 سے زیادہ خراب رہتے ہیں، جس میں علاقہ سوج میانی، سمیجہ آباد، گارڈن ٹاون، نواب پور روڈ سمیت دیگر علاقے شامل ہیں

ترجمان واسا حسن بخاری نے بتایا کہ واسا کے تمام پلانٹس اب پنجاب حکومت کی بنائی گی صاف پانی پر صاف پانی اتھارٹی کے حوالے کیے جا رہے ہیں جو ان کی دیکھ بھال کرے گا

https://saafpani.com.pk/

"شہر میں نصب تمام فلٹر پلانٹس مکمل طور پر فعال نہیں۔ کچھ پلانٹس بجلی کے مسائل، کچھ مشینری کی خرابی اور بعض فنڈز کی کمی کے باعث متاثر ہیں۔ مرحلہ وار مرمت جاری ہے، لیکن گرمیوں میں طلب بڑھنے سے دباؤ زیادہ ہو جاتا ہے۔"

نیو ملتان، ممتاز آباد، شاہ رکن عالم، چونگی نمبر 9 اور گلگشت کے متعدد علاقوں میں شہریوں نے شکایت کی کہ فلٹر پلانٹس یا تو مستقل بند ہیں یا پانی کا معیار تسلی بخش نہیں۔ بعض مقامات پر شہریوں خالد، یوسف، حامد، راشد بھٹہ، حماد نے بات کرتے ہوءے بتایا ہے اکثر گھروں میں واٹر سپلاءی والے پانی میں بدبو، ذائقے کی خرابی یا مٹی ملا پن محسوس ہوتا ہے۔ جس کی وجہ سے ہم پریشان ہوتے ہیں اور پانی باہر پراءیوٹ فلٹر پلانٹ سے 3 روپے فی لیٹر خرید کر گزارا کرتے ہیں

ملتان سرکاری واٹر لیباٹری پرانا شجاع آباد روڈ پر کام کرنے والے ملازم جو لیباٹریا سسٹنٹ ہے نے بتایا کہ عالمی ادارہ صحت بتایا کہ پینے کے پانی میں آرسینک کی محفوظ حد 10 مائیکروگرام فی لیٹر (µg/L) ہے۔

ملتان میں مختلف تحقیقی مطالعات میں آرسینک کی مقدار 3 سے 185 µg/L تک ریکارڈ کی گئی، جبکہ تقریباً 99٪ نمونے ڈبلیو ایچ او کی مقررہ حد سے زیادہ پائے گئے۔

جن علاقوں میں پانی کی حالات زیادہ خراب ہیں ان میں ملتان سٹی (اندرون شہر اور پرانے شہری علاقے) میں آرسینک کی اوسط اور زیادہ سے زیادہ مقدار سب سے زیادہ ریکارڈ ہوئی، بعض نمونوں میں تقریباً 185 µg/L تک۔

ملتان صدر دوسرا زیادہ متاثرہ تحصیل/علاقہ قرار دیا گیا، جہاں صحت کے خطرات WHO اور USEPA کے معیار سے بلند پائے گئے۔

2023 کے ایک مطالعے میں ملتان کے مختلف علاقوں اور اسکولوں کے پانی کے نمونوں میں آرسینک 15 سے 70 µg/L کے درمیان پایا گیا۔ بعض کم ترقی یافتہ آبادیوں میں آلودگی زیادہ تھی۔

پیر کالونی (Peer Colony) میں آرسینک کے ساتھ ساتھ بیکٹیریا (Coliform) کی آلودگی بھی بہت زیادہ رپورٹ ہوئی، جسے صحت کے لیے انتہائی تشویشناک قرار دیا گیا۔

جہاں آپ نے ہندسے یا انگریزی لفظ لکھے ہیں وہاں جملے آگے پیچھے ہو گئے ہیں انہیں ٹھیک کریں

ملتان سے متعلق 2021 میں شائع ہونے والی ایک تحقیقی رپورٹ کے مطابق شہر کے مختلف علاقوں سے لیے گئے 30 نمونوں میں سے 73 فیصد نمونوں میں آرسینک اور 80 فیصد نمونوں میں فلورائیڈ مقررہ محفوظ حد سے زیادہ پائے گئے۔ مزید یہ کہ 53 فیصد نمونوں میں دونوں عناصر ایک ساتھ حد سے زائد موجود تھے

واسا کے ترجمان کے مطابق

"ہمارے اپنے ٹیسٹنگ ریکارڈ میں بھی بعض پرانے علاقوں میں آرسینک اور فلورائیڈ کی مقدار تشویشناک دیکھی گئی تھی، اسی لیے فلٹریشن یونٹس لگائے گئے۔ تاہم مسلسل مانیٹرنگ اور بروقت فلٹر تبدیلی نہ ہو تو مسئلہ دوبارہ سامنے آ سکتا ہے۔"

ماہرین صحت کے مطابق آلودہ پانی معدے، جلد، گردوں، دانتوں اور ہڈیوں کے امراض کا سبب بن سکتا ہے۔ نشتر اسپتال سے وابستہ ڈاکٹر مسعود افضل (ماہر گردہ) کے مطابق گرمیوں میں پانی سے پیدا ہونے والے انفیکشنز میں نمایاں اضافہ دیکھنے میں آتا ہے شہریوں کا کہنا ہے کہ اگر سرکاری سطح پر پانی کے معیار سے متعلق اعداد و شمار موجود ہیں تو انہیں عوام کے سامنے باقاعدگی سے جاری کیا جانا چاہیے تاکہ لوگ حقیقت سے آگاہ رہ سکیں۔

ماہرین کے مطابق فوری اقدامات میں شامل ہونا چاہیے:

غیر فعال فلٹر پلانٹس کی فوری بحالی

ہر یونین کونسل میں پانی کے معیار کی ماہانہ رپورٹ جاری کرنا

آرسینک و فلورائیڈ ٹیسٹنگ لیب کا فعال نظام

پائپ لائن لیکیج اور سیوریج ملاپ کی روک تھام

نئے رہائشی علاقوں میں اضافی فلٹر پلانٹس کی تنصیب

آج صورتحال یہ ہے کہ ملتان کا شہری پانی تو پیتا ہے، مگر اعتماد سے نہیں۔ مسئلہ صرف قلت کا نہیں، معیار کا بھی ہے۔ کیونکہ آخر کار پانی صرف ایک سہولت نہیں، زندگی کی بنیادی ضمانت ہے۔

صدا بصحرا



رفیع صحرائی
rafisehraee5586@gmail.com

کم تنخواہ کے بے شمار فوائد

ہمارے ہاں ایک عجیب روایت ہے کہ لوگ ہر سال بجٹ آتے ہی تنخواہوں اور پنشن میں اضافے کا مطالبہ شروع کر دیتے ہیں۔ گویا حکومت کا کام صرف نوٹ چھاپ کر سرکاری ملازمین کی جیبوں میں ڈالنا رہ گیا ہو۔ حالانکہ دانشمند حکومتیں ہمیشہ دور اندیشی سے کام لیتی ہیں اور عوام کی فوری خوشی کے بجائے ان کے طویل المدتی مفادات کو ترجیح دیتی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ حالیہ بجٹ میں تنخواہوں اور پنشن میں ایسا اضافہ کیا گیا ہے جو خوردبین کے بغیر نظر نہیں آتا۔ حکومت چاہتی ہے کہ عوام اس بجٹ کے حقیقی فوائد سے بھرپور استفادہ کر سکیں۔

کم تنخواہ کا سب سے بڑا فائدہ صحت ہے۔ جب جیب اجازت نہ دے تو بندہ موٹر سائیکل کم اور اپنے پاؤں زیادہ استعمال کرتا ہے۔ یوں روزانہ کئی کئی کلومیٹر واک مفت میں ہو جاتی ہے۔ جن ممالک میں لوگ جم کی بھاری فیسیں دیتے ہیں، وہاں کے لوگ اگر ہمارا معاشی ماڈل سمجھ لیں تو حیران رہ جائیں۔ ہم تو بغیر کسی ممبرشپ کے فٹنس حاصل کرنے کے راستے پر گامزن ہیں۔

پٹرول کی بچت بھی ایک قومی خدمت ہے۔ آمدنی محدود ہو تو بندہ ہر سفر سے پہلے تین بار سوچتا ہے کہ جانا بھی ہے یا فون پر کام چل سکتا ہے۔ نتیجتاً سڑکوں پر رش کم ہوتا ہے، حادثات کم ہوتے ہیں، فضائی آلودگی کم ہوتی ہے اور ملک کا قیمتی زرِ مبادلہ بچتا ہے۔ گویا کم تنخواہ ایک ساتھ ماحولیات، معیشت اور صحت تینوں کی خدمت کرتی ہے۔

آمدنی کم ہونے کا ایک اور فائدہ یہ ہے کہ انسان کی تخلیقی صلاحیتیں بیدار ہو جاتی ہیں۔ پہلے لوگ بازار سے چیزیں خرید لیا کرتے تھے، اب مرمت کروا لیں گے۔ پہلے خراب پنکھا تبدیل ہوتا تھا، اب الیکٹریشن کے ساتھ مل کر اس کی نئی زندگی شروع کروائی جائے گی۔ بعض گھروں میں تو ایک ہی بالٹی کئی نسلوں کی خدمت کر چکی ہے۔ یہ استحکام نہیں تو اور کیا ہے؟

بچوں کی تربیت میں بھی کم آمدنی اہم کردار ادا کرتی ہے۔ جب موبائل پیکج محدود ہو تو بچے مجبوری میں گھر والوں سے بات چیت کرتے ہیں۔ جب آن لائن گیمز کے لیے پیسے نہ ہوں تو گلی میں کرکٹ کھیلتے ہیں۔ یوں جسمانی ورزش بھی ہوتی ہے اور محلے داری بھی قائم رہتی ہے۔ ماہرین نفسیات اس پر ابھی تحقیق کر رہے ہیں لیکن ہماری قوم برسوں سے اس تجربے سے گزر رہی ہے۔

شادی بیاہ کے میدان میں بھی کم تنخواہ انقلاب برپا کر سکتی ہے۔ جب جیب اجازت نہ دے تو پانچ ہزار مہمانوں کے بجائے پچاس افراد پر اکتفا کیا جائے گا۔ دس ڈشوں کی جگہ ایک ڈش آئے گی اور مہندی، ڈھولکی، مایوں اور ولیمے کے درمیان انسان کو یہ سوچنے کا موقع بھی مل جائے گا کہ شادی اصل میں دو افراد کی ہوتی ہے یا پورے ضلعے کی۔

کم تنخواہ سے دوستیوں میں بھی خلوص پیدا ہوتا ہے۔ جو دوست پہلے ہر دوسرے دن قرض مانگنے آتے تھے، اب سلام دعا پر اکتفا کریں گے۔ بعض تو گلی کا راستہ ہی بدل لیں گے۔ یوں وقت اور پیسہ دونوں بچیں گے اور انسان غیر ضروری تعلقات کے بوجھ سے آزاد ہو جائے گا۔

مزید یہ کہ کم آمدنی انسان میں اعلیٰ درجے کی ریاضیاتی صلاحیتیں پیدا کرتی ہے۔ مہینے کی پہلی تاریخ کو ملنے والی تنخواہ کو تیس دن تک کھینچنے کے لیے ایسی ایسی مساواتیں حل کرنی پڑتی ہیں کہ بڑے بڑے پروفیسر بھی شرما جائیں۔ ایک عام سرکاری ملازم روزانہ بجٹ سازی، تخمینے، کٹوتی اور مالی منصوبہ بندی کے ایسے عملی تجربات کرتا ہے جو کسی ایم بی اے پروگرام میں بھی دستیاب نہیں۔

پنجاب کے پنشنرز تو اس حوالے سے خصوصی مبارکباد کے مستحق ہیں۔ ان کی پنشن میں ایسا خوبصورت اضافہ کیا گیا ہے کہ انہیں یاد دلایا جا سکے کہ اصل سہارا دولت نہیں بلکہ صبر، شکر اور اولاد ہوتی ہے۔ اب اگر اولاد بھی یہی فلسفہ اپنائے تو پھر یہ ایک الگ قومی مسئلہ ہے۔

بعض ناقدین کہتے ہیں کہ تنخواہوں میں اضافے اور مہنگائی کے درمیان فاصلہ بہت بڑھ گیا ہے۔ ہم ان سے گزارش کریں گے کہ اس فاصلے کو منفی انداز میں نہ دیکھیں۔ آخر ترقی کا سفر بھی تو فاصلے طے کرنے کا نام ہے۔ قوم پہلے موٹر سائیکل سے سائیکل پر آئی، اب سائیکل سے پیدل چلنے کی طرف بڑھ رہی ہے۔ اگر یہی رفتار برقرار رہی تو جلد ہی ہمارے بزرگوں کی وہ سنہری روایت بحال ہو جائے گی جب لوگ میلوں کا سفر پیدل طے کرتے تھے اور اسے صحت مندانہ طرزِ زندگی کہا جاتا تھا۔

لہٰذا سرکاری ملازمین اور پنشنرز کو چاہیے کہ کم اضافے پر شکوہ کرنے کے بجائے اس کے پوشیدہ فوائد پر غور کریں۔ آخر ہر بجٹ کے پیچھے کوئی نہ کوئی حکمت ضرور ہوتی ہے۔ اگر ہمیں نظر نہیں آ رہی تو اس کا مطلب یہ نہیں کہ وہ موجود نہیں۔ ممکن ہے یہ حکمت اتنی گہری ہو کہ عام آدمی کی پہنچ سے باہر ہو۔ اور ویسے بھی، جب جیب خالی ہو تو فلسفہ خود بخود سمجھ میں آنے لگتا ہے۔

ویلیو ٹاک



میاں اشفاق انجم
mianashfaqanjum@gmail.com

"واسا"! صاف پانی کی فراہمی اور نکاس بڑا چیلنج؟

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز صاحبہ نے گزشتہ دنوں لاہور سمیت 15 بڑے شہروں میں واسا کمپلیکس ڈیزائن کی منظوری دی اور پنجاب بھر میں نکاسی آب کے جاری منصوبے جون تک مکمل کرنے کا ٹاسک دیتے ہوئے 24 گھنٹے کام کرنے کی ہدایت کی ہے واسا کے جاری منصوبوں کی رئیل ٹائم مانیٹرنگ کے لئے ڈیش بورڈ اور موبائل ایپ متعارف کرانے کا فیصلہ کیا گیا ہے وزیر اعلیٰ نے مون سون سے پہلے سیوریج لائنز اور بارشی پانی کے نکاس کے تمام منصوبوں کو ہر صورت مکمل کرنے کا حکم دیتے ہوئے رفتار تیز کرنے کا بھی حکم دیا ہے بریفنگ میں بتایا گیا لاہور، جھنگ، ملتان، سیالکوٹ میں نکاسی آب کے منصوبوں پر کام جاری ہے جبکہ جہلم، حافظ آباد، ساہیوال، فیصل آباد، گوجرانوالہ، شیخوپورہ، ننکانہ، راولپنڈی میں بھی اہم منصوبے زیر تکمیل ہیں۔ بتایا گیا 15 شہروں میں 2265 کلومیٹر طویل سیوریج لائن جبکہ بارشی پانی کے نکاس کے لئے 189 کلومیٹر طویل پائپ لائن بچھائی جا رہی ہے پہلے مرحلے میں 86 ڈسپوزل اسٹیشنز اور 9 انڈر گراؤنڈ سٹوریج ٹینک بھی تعمیر کیے جائیں گے۔ واسا کی طرف سے سیوریج اور نکاسی آب کے منصوبوں کی تکمیل کے ساتھ 552 کلومیٹر طویل سڑکیں بھی تعمیر کی جائیں گی۔ واسا کے نظام کو مربوط اور مضبوط بنانے کے لئے ہر شہر میں کمپلیکس بھی تعمیر کئے جائیں گے۔ وزیر اعلیٰ نے اس کی منظوری بھی دیدی ہے افسروں کے لئے ہاسٹل کی اضافی سہولت کا بھی انتظام اس میں شامل ہے اس اجلاس میں اِن منصوبوں کی مانیٹرنگ اور وقت پر تکمیل کے لئے موبائل ایپ ڈیش بورڈ کی منظوری بھی دیدی گئی ہے، مون سون سے پہلے نالوں کی صفائی کا ٹاسک بھی دیا گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کی طرف سے دیئے گئے منصوبوں کے حوالے سے لائحہ عمل کا یقیناً خیر مقدم کیا جانا چاہئے، اربوں روپے کے منصوبے پہلی دفعہ عام ٹھیکیداروں کی بجائے واسا کے ذریعے اس کی مینجمنٹ کی نگرانی میں مکمل کرنے کی روایت کا آغاز کیا گیا ہے۔ مقامی ایم پی اے، ایم این ایز کا عمل دخل ختم کر کے ثابت کرنے کی کوشش کی گئی ہے کہ کمیشن اور کرپشن کا خاتمہ کر دیا گیا ہے نیت پر شک نہیں کیا جا سکتا۔ البتہ واسا کی مینجمنٹ واسا کے طریقہ کار، واسا کی مشینری، واسا میں ہونے والی چوریوں کا البتہ تذکرہ کیا جا سکتا ہے ان پر سوالات اٹھانا ضروری ہے۔ گزشتہ 20 سال سے میں واسا کی کارکردگی کی تفصیل بیان کر سکتا ہوں ادھر ادھر کی باتیں کرنے کی بجائے میں اپنے ساتھ بیتے ہوئے واقعات نہیں عملاً جن سے واسطہ پڑا ہے ان کا تذکرہ کر سکتا ہوں کسی پر الزام لگانا گناہ کبیرہ ہے ظلم ہے ایسا ہر گز نہیں کروں گا، مگر صوبائی انتظامیہ بالعموم اور لاہور کی بیوروکریسی بالخصوص اس کی ذمہ دار ہے تحقیقات ہونا چاہئیں۔ اربوں روپے کے صاف پینے کے پانی کے منصوبے کہاں ہیں، 20 سال پہلے پانی کا بل پانچ مرلہ کا 150 روپے، 10 مرلہ کا 300 روپے اور کنال کا 500 روپے تک آتا تھا پانی کے میٹر بھی ہوتے تھے صاف پانی کی گارنٹی بھی دی جاتی تھی پھر دن بدلے، حکومتیں بدلتی گئیں۔ 2026ء میں 10 مرلے کا پانی کا بل 3850 ہے اور پانچ مرلے کا 2000 سے اوپر کا ہے، 3850 روپے میں 2500 روپے سیوریج کا بل ہے، میں لاہور کی بالعموم اور اقبال ٹاؤن جو 1600 سے زائد ایکڑ پر مشتمل دو درجن سے زائد بلاکس پر مشتمل ہے اس حوالے سے تفصیل بتا سکتا ہوں واسا سفید ہاتھی بن چکا ہے۔ صاف پانی کی 24 گھنٹے فراہمی کے لئے کروڑوں روپے خرچ کر کے جنریٹر لگائے گئے ایک ایک ٹیوب ویل پر تین تین آپریٹر رکھے گئے، پھر ان ٹیوب ویل کے ساتھ فلٹریشن پلانٹ کا آغاز ہوا۔ 2026ء تک لاہور کے 80 فیصد بڑے محتاط اندازے میں کہہ رہا ہوں جنریٹر خراب ہو گئے یا خراب کر دیئے گئے ہیں۔ اربوں روپے کے جنریٹر کباڑ میں دے دیئے گئے ہیں یا دیئے جانے والے ہیں۔

اقبال ٹاؤن کے سات بلاکس کی بات کر سکتا ہوں جہاں گٹر اور صاف پینے کے پانی کی لائنیں کسی نہ کسی جگہ سے ملی ہوئی ہیں 99 فیصد گھروں میں پانی کے میٹر نہیں ہیں، 100 فیصد گھروں میں اندازے سے ایک ہی قیمت کے بل آ رہے ہیں۔ واٹر فلٹریشن پلانٹ جو لگے ہوئے ہیں ان کی حالت زار پر علیحدہ کالم لکھوں گا۔ مختصر وقت میں حکام بالا وزیر اعلیٰ پنجاب اور چیف سیکرٹری اور ایم ڈی واسا کے علم میں لانا ہے آپ کا صاف پانی کی فراہمی اور نکاس کا انتظام انتہائی کمزور بنیادوں پر چل رہا ہے آپ لوگوں نے ہیلپ لائن بنائی ہے اس کی مانیٹرنگ کریں دس دفعہ شکایات کے بعد بندے نہیں آتے لمحہ فکریہ والی جو بات ہے واسا والے لائن مین ہوں اور سپر، ایس ڈی او یا سیوریج والے ہوں سب کو میرا چیلنج ہے لاہور کی نہیں اقبال ٹاؤن کی بات کرتا ہوں کسی بھی چوک، گلی محلے میں اگر پانی کا پائپ پھٹ گیا ہے یا لیک ہو رہا ہے تو واسا کے عملے نے کبھی گزرتے ہوئے خود جسارت نہیں کی کہ ذمہ داری سمجھ کر فوری گاڑی روک لیں اور پانی کا پائپ جوڑ دیں۔ جب ان کو کہا جائے تو کہتے ہیں شکایات درج کرائیں اس کی 100 مثالیں دے سکتا ہوں۔ سیوریج کا بھی یہی معاملہ ہے پانی گلیوں میں پھیر رہا ہے بدبو پھیلی ہوئی ہے، جتنے مرضی افسر واسا کے اہلکار واسا کے گزر جائیں خود ایکشن نہیں لیں گے۔ یہ کون سا نظام ہے واسا کے لئے ہر گھر سے ہزاروں روپے وصول کرنا لازم ہے واسا اب ان گھروں اور گلیوں کو اپنا سمجھے گا اس کے لئے مربوط نظام بنانے اور بلاکوں کی سوسائٹیوں سے مل کر کوآرڈینیشن قائم کرنے کی ضرورت ہے ایسا نظام بنانے کی ضرورت ہے ریاست واسا کو اپنا ادارہ اور خیر خواہ سمجھیں اور واسا رہائشیوں کو اپنا سمجھے۔

اب آخر میں بات کرنی ہے لاہور سمیت پنجاب کے واٹر سیوریج کے منصوبوں کی، بہت اچھے منصوبے ہیں مگر تمام منصوبوں کی تفصیل حاصل کی ہے، 70 کروڑ والا منصوبہ ایک ارب، 80 کروڑ والا ایک ارب 10 کروڑ، 65 کروڑ والا 95 کروڑ تک لاگت بڑھ گئی ہے اس کا جائزہ لینا چاہئے۔ ایم پی اے، ایم این اے رجسٹرڈ ٹھیکیداروں کو آؤٹ کرنے کا فائدہ ہوا یا نقصان؟ دوسرا اِن منصوبوں کی تکمیل کا وقت دیا گیا تھا وہ کب پورا ہو گا، اخباروں میں لاہور کے تمام منصوبے مکمل ہو گئے ہیں۔ اقبال ٹاؤن کا منصوبہ جس کی لاگت ڈیڑھ گناہ ہو گئی ہے ابھی تک التواء کا شکار ہے گردونواح کی سڑکیں، پارک، گراؤنڈ، واکنگ ٹریک سب کچھ تباہ ہے کون جائزہ لے گا اخبارات اور اشتہارات تک تو سب ٹھیک ہے عملاً کب ٹھیک ہو گا یقیناً بڑا چیلنج ہے۔

اعلان

ادارہ کا لکھاری کی رائے سے متفق ہونا لازمی نہیں، تحریر کا وہ خود ذمے دار ہو گا

پرو ہاکی لیگ: بیلجیئم کی پاکستان کو چھ صفر سے شکست

بیلجیئم (ویب ڈیسک) ایف آئی ایچ پرو ہاکی لیگ میں پاکستان کو بیلجیئم کے ہاتھوں چھ کے مقابلے میں صفر گول سے شکست کا سامنا کرنا پڑا یوں قومی ٹیم کو پرو لیگ میں یہ مسلسل گیارہویں شکست ہوئی۔ میچ میں بیلجیئم نے پاکستان کو آؤٹ کلاس کر دیا، بیلجیئم کے کھلاڑیوں نے ابتداء سے ہی پاکستانی ٹیم پر دباؤ رکھا جس کے نتیجے میں پہلے کوارٹر میں ایک صفر کی برتری حاصل کر لی۔ دوسرے کوارٹر میں بیلجیئم نے مزید دو گول کر کے ہاف ٹائم تک تین صفر تک پہنچا دی، میچ کے تیسرے کوارٹر میں بھی پاکستانی ٹیم حریف پر دباؤ ڈالنے کے باوجود کھاتہ نہ کھول سکی۔ اس کوارٹر میں بیلجیئم نے مزید ایک گول اسکور کیا، چوتھے اور آخری کوارٹر میں بیلجیئم نے مزید دو گول اسکور کئے اور سکور لائن چھ صفر تک پہنچا کر فتح سمیٹی۔ پاکستان ہاکی ٹیم بیلجیئم سے ہی انگلینڈ روانہ ہو گی جہاں وہ بھارت اور برطانیہ کے خلاف میچز کھیلے گی۔

بین سٹوکس کی نیوزی لینڈ کے خلاف تیسرے ٹیسٹ میں واپسی کا امکان

لندن (ویب ڈیسک) نیوزی لینڈ کے خلاف سیریز کے تیسرے اور آخری ٹیسٹ سے قبل انگلینڈ کرکٹ ٹیم کے کپتان بین سٹوکس کی واپسی کے امکانات روشن ہو گئے ہیں۔ برطانوی میڈیا کا دعویٰ ہے کہ انگلش سکواڈ میں واپسی پر بین سٹوکس ہی ممکنہ طور پر ٹیم کی قیادت بھی کریں گے۔ بین سٹوکس اور گس ایٹکنسن کا کرکٹ ریگولیٹر نے انٹرویو کر لیا ہے۔

ملتان اور بہاولپور سے بیک وقت شائع ہونے والا اخبار
ایک نئی سوچ کے ساتھ ہر صبح — ABC باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
روزنامہ DAILY ASIA URDU MULTAN
ایشیاء اردو
ایڈیٹر انچیف: جنید ملک

کلاسیفائیڈ

شرائط واطلاع مشتہرین وقارئین

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کئے جاتے ہیں۔کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ ذمہ دار نہ ہوگا۔
"ایشیاء اردو" کلاسیفائیڈ اشتہارات خصوصی رعایتی پیکیج کے تحت 50روپے فی سطر اور کم ازکم 3 سطور میں بک کئے جائینگے ایک سطر میں 8الفاظ ہونے چاہئیں۔
اوورائٹنگ اورمشکوک مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایات قابل قبول نہ ہوگی۔
اگرکسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا تو ادارہ اس کو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔
دوفون نمبروں میں ایک غلط یا ایڈریس میں سے ایک اتفاقیہ شائع ہونے کی صورت میں ادارہ ذمہ دار نہ ہوگا۔
غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں 2دن میں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں۔
مشتہرین کی سہولت کیلئے مختلف علاقوں میں اشتہارات بکنگ سنٹر کھولے گئے ہیں اگر اشتہار کیلئے آفس آنے میں وقت ہوتو اپنے علاقے میں قائم کردہ روزنامہ ایشیاء اردو سنٹر میں ہمارے مقررکردہ ریٹ پراشتہار بک کروائیں۔
عوامی اشتہارات بشمول اتوار صبح 10 بجے سے شام 6 بجے تک بک کروائیں۔
اتوارکیلئے اشتہارات بروز جمعہ 5 بجے تک بک کروائے جاسکتے ہیں۔
فون نمبر:0302-8652233

بقیہ 1
میں صبر وتحمل کا مظاہرہ کرنے پر عوام کے شکرگزار ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ بحران کے دوران وفاقی حکومت نے ترقیاتی بجٹ اور کفایت شعاری سے حاصل ہونے والی بچت میں سے 129 ارب روپے استعمال کر کے عوام کو ممکنہ حد تک ریلیف فراہم کیا۔شہباز شریف نے کہا کہ خطے میں معاشی دباؤ کے باوجود پاکستان میں توانائی کا بحران پیدا نہیں ہوا نہ کہیں ایندھن کی قلت ہوئی، نہ کبھی قطاریں لگیں اور نہ ہی فیول راشننگ کی ضرورت پیش آئی، انہوں نے اس کا کریڈٹ بہتر منصوبہ بندی اور موثر حکومتی اقدامات کو دیا۔انہوں نے کہا کہ وفاق اور صوبوں کے باہمی تعاون سے ملکی معیشت کو مستحکم رکھنے میں مدد ملی، جس پر وہ تمام وزرائے اعلیٰ کے شکرگزار ہیں،انہوں نے اس عزم کا بھی اظہار کیا کہ مہنگائی میں مزید کمی اور معاشی استحکام کیلئے موثر اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔وزیراعظم نے مشرق وسطیٰ کی کشیدہ صورتحال میں امن کے قیام کیلئے پاکستان کی سفارتی کامیابی قرار دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی ثالثی کے نتیجے میں اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہوئے جو ایک تاریخی دستاویز ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ کامیابی پوری پاکستانی قوم کیلئے اعزاز ہے۔شہباز شریف نے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار،وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی اور امن کوششوں میں شامل حکومتی ٹیم کی خدمات کو سراہا۔انہوں نے معاشی ٹیم وزیرخزانہ محمد اورنگزیب،وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال،وزیر اقتصادی امور احد خان چیمہ، وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک اور دیگر متعلقہ حکام کی کوششوں کو بھی خراج تحسین پیش کیا۔دریں اثناء وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پاکستان کی بڑی کامیابی ہے، ایران اور پاکستان کے عوام کے دل ایک ساتھ دھڑکتے ہیں۔جمعہ کو قومی اسمبلی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ اللہ کے فضل و کرم سے پاکستان کو بے پناہ عزت ملی، اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کی شاندار کامیابی پر اللہ کے حضور سر بسجود ہیں، دنیا کے ہر خطے میں پاکستان کا وقار بلند ہوا ہے۔وزیراعظم نے کہا کہ دنیا کو بتانا چاہتے ہیں کہ سیاسی اختلافات کے علاوہ قوم متحدہ ہے پاکستان کی اس اہم کامیابی پر یہ ایوان ایک متفقہ قرارداد منظور کرے،متفقہ قرارداد اتحاد اور یکجہتی کا واضح پیغام ہوگی، قومی وحدت کیلئے ہم ایک ہیں اور ہمیشہ ایک رہیں گے انہوں نے کہا کہ امن معاہدے کے عظیم مقصد کیلئے شانہ بشانہ محنت کرنے والوں کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے اسلام آباد سمجھوتے کو حتمی شکل دلانے میں کلیدی کردار ادا کیا،فیلڈ مارشل نے عظیم مقصد کے حصول کیلئے دن رات کام کیا۔انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد مفاہمتی یادداشت انتھک محنت، استقامت اور غیرمتزلزل عزم کی وجہ سے ممکن ہوئی، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، وزیر داخلہ محسن نقوی کا کردار بھی قابل ستائش ہے۔انہوں نے ایوان کو بتایا کہ گزشتہ روز ایرانی صدر مسعود پزشکیان سے ٹیلیفونک گفتگو ہوئی، صدر پزشکیان نے پاکستان کے بھرپور تعاون پر اپنی اور ایرانی قوم کی طرف سے شکریہ ادا کیا، میں نے ایرانی صدر کو جلد پاکستان کا دورہ کرنے کی دعوت دی،ایرانی صدر کو بتایا کہ پوری قوم آپ کا والہانہ استقبال کرنے کیلئے تیار ہے۔وزیراعظم نے کہا کہ ایران اور پاکستان کے عوام کے دل ایک ساتھ دھڑکتے ہیں، ایرانی صدر نے کہا کہ وہ پاکستان آکر پاکستانی قوم کا شکریہ ادا کریں گے،پاکستانی وفد شہید آیت اللہ خامنہ ای کے جنازے میں شرکت کرے گا۔

بقیہ 2
نہیں ہوں گے۔دوسری طرف ترجمان وائٹ ہاؤس نے کہا ہے کہ امریکی نائب صدر جے ڈی وینس ایران کے ساتھ مذاکرات کیلئے سوئٹزرلینڈ روانہ نہیں ہوں گے۔وائٹ ہاؤس کے بیان میں مزید کہا گیا مذاکرات کی انتظامی اور عملی پیچیدگیاں بھی آسان یا قابل پیشگوئی نہیں رہی ہیں، موجودہ صورتحال کے مطابق نائب صدر روانہ نہیں ہو رہے۔ترجمان وائٹ ہاؤس نے مزید بتایا کہ جیسے ہی مذاکرات کے اگلے مرحلے یا آئندہ اقدامات کے بارے میں کوئی واضح پیشرفت ہوگی، اس سے آگاہ کر دیا جائے گا۔نائب صدر جے ڈی وینس نے اپنی پریس کانفرنس میں کہا تھا کہ آئندہ ہونے والے تکنیکی مذاکرات کے منصوبے ابھی حتمی شکل اختیار نہیں کر سکے تاہم امریکی وفد دستیاب ہونے والے پہلے موقع پر ہی روانگی کیلئے تیار ہے۔ادھر ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ سوئٹزرلینڈ کے دورے کے متعلق ابھی کوئی فیصلہ نہیں کیا گیا۔علاوہ ازیں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ امریکا امن کیلئے پرعزم ہے، ہم لبنان، حزب اللہ، اسرائیل سمیت تمام محاذوں پر مکمل جنگ بندی کی توقع رکھتے ہیں،ایران کو 300 ارب ڈالر کی ادائیگی نہیں ہورہی، یہ جعلی خبر ہے۔امریکی صدر نے ٹروتھ سوشل پر بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ مذاکراتی کوششوں میں پیشرفت کیلئے مشرق وسطیٰ کے تمام فریقین اپنے عزم پر قائم رہیں،ٹرمپ نے کہا کہ عالمی مارکیٹیں تیل کی قیمتوں میں کمی اور اسٹاکس میں اضافے کو پسند کر رہی ہیں،امریکا کیلئے کامیابی ہے کہ تیل کی قیمتیں کم ہورہی ہیں اور فتح حاصل ہورہی ہے۔امریکی صدر نے کہا کہ امریکا کی طرف سے ایران کو 300 ارب ڈالر کی ادائیگی نہیں ہورہی، یہ جعلی خبر ہے ڈیموکریٹس کا پروپیگنڈا چل رہا ہے۔

بقیہ 3
ہے اور واضح کیا کہ محرم الحرام کی آمد کی وجہ سے دوسرے مرحلے کے مذاکرات میں کچھ تاخیر ہوئی ہے، کیونکہ جولائی کے پہلے ہفتے میں شہید آیت اللہ خامنہ ای کی تدفین کی رسومات ادا کی جانی ہیں۔صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے اسحاق ڈار نے ان افواہوں کو یکسر مسترد کر دیا کہ مذاکرات میں کوئی تعطل آیا ہے، ان کا کہنا تھا کہ بات چیت کے عمل میں کسی قسم کی کوئی رکاوٹ نہیں ہوئی بلکہ طے شدہ پلان کے مطابق اب ہمیں 60 روز کے اندر اندر دوسرے مرحلے کے ان مذاکرات کو ہر صورت مکمل کرنا ہے۔اسحاق ڈار نے کہا خطے میں امن کے لیے پاکستان کی سفارتی کوششیں کامیابی سے ہمکنار ہوگئی ہیں اور پاکستان نے امریکہ اور ایران کے درمیان مفاہمت کرانے میں انتہائی اہم اور کلیدی کردار ادا کیا ہے۔انہوں نے کہا امریکہ، ایران معاہدے پر وزیراعظم نے بطور ثالث دستخط کیے،امریکی صدر نے فرانس میں معاہدے پر دستخط کیے، پہلے پلان کے مطابق جنیوا میں معاہدے کی تقریب ہونا تھی مگر محرم کے باعث ایرانی قیادت کی مصروفیات بھی ہیں۔

بقیہ 4
دوبارہ اپوزیشن بینچز پر پہنچ گئے۔پارلیمانی روایات کو برقرار رکھتے ہوئے وزیراعظم نے اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی، بیرسٹر گوہر خان اور سابق اسپیکر اسد قیصر سے ان کی نشستوں پر جا کر ملاقات کی اور وہاں کھڑے ہو کر ان کی بات سنی۔اس موقع پر اپوزیشن رہنماؤں نے اپنے تمام تحفظات اور مطالبات براہ راست وزیراعظم کے سامنے رکھ دیئے، جنہیں وزیراعظم نے انتہائی غور سے سنا۔قومی اسمبلی اجلاس میں وزیر دفاع خواجہ آصف بھی متحرک نظر آئے اور وزیراعظم شہباز شریف کی اپوزیشن قیادت سے اس اہم ملاقات اور مشاورت کے بعد انہوں نے بھی اپوزیشن بینچز کا رخ کیا۔وزیر دفاع خواجہ آصف نے اپوزیشن کی اعلیٰ قیادت کی نشستوں پر جا کران کے ساتھ مشاورت کی اور مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا۔اس سے قبل قومی اسمبلی کے اجلاس کے دوران اظہار خیال کرتے ہوئے اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے واضح کیا کہ پاکستان کی فوج اور یہ پارلیمان ہماری ہے،اور پاکستان کی ترقی دراصل ہماری اپنی ترقی ہے، تو پھر ہمیں اتنا فاترالعقل کیوں سمجھا جارہا ہے کہ ہم اپنے ہی اداروں یا ملک کے خلاف سوچیں گے۔انہوں نے وزیراعظم شہباز شریف کو براہ راست مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ اس ایوان کے قائد ایوان ہیں اور ان مشکل ترین ملکی حالات میں بھی ہم آپ کو اپنا قائد ایوان تسلیم کرتے ہیں لہٰذا آپ اپنی قائدِ ایوان کی آئینی طاقت اور حیثیت کو استعمال کرتے ہوئے اس معزز ایوان کو اس کے تمام کھوئے ہوئے اختیارات واپس دلا دیں، اگر آپ پارلیمنٹ کی بالادستی کے لئے کوئی قدم اٹھاتے ہیں تو ہم اپوزیشن بینچز پر بیٹھ کر بھی آپ کی قرارداد کی بھرپور حمایت کریں گے۔اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے حکومت کی جانب سے اپوزیشن کو ساتھ لے کر چلنے کے دعوؤں پر تنقید کرتے ہوئے طنزیہ انداز میں کہا کہ آپ اپوزیشن کو تو ماشاءاللہ اتنا ساتھ لے کر چلتے ہیں کہ الناس کی آواز ہی بند کر دیتے ہیں۔

بقیہ 5
کی تجویز ہے جبکہ کم سے کم ماہانہ اجرت 5 ہزار روپے بڑھا کر 45 ہزار روپے مقرر کی جارہی ہے۔تفصیلات کے مطابق سہیل آفریدی کا کہنا تھا کہ بجٹ میں امن امان کے لئے 191 ارب روپے رکھنے کی تجویز دی گئی ہے،بجٹ میں گڈ گورننس اقدامات کے لیے مجموعی طور پر 3.19 ارب، احساس حق پروگرام کے لئے 15 ارب،صحت کارڈ کے لئے 50 ارب روپے مختص کرنے کی تجویز ہے۔زمونگ کور کمپلیکس تعمیر کے لیے 1.1 ارب روپے،خواجہ سراؤں کے فلاحی اقدامات کے لیے 100 ملین، سرکاری اسپتالوں میں ادویات فراہمی کے لیے 14 ارب روپے،ایم ٹی آئیز اسپتالوں کے لئے 80 ارب روپے، پشاور میں نئے جنرل اسپتال کی تعمیر کے لیے 4 ارب روپے، منصوبے کے لیے 270 ملین مختص کرنے کی تجویز ہے۔ایلمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کی لیے مجموعی 10 ارب، پشاور بحالی پروگرام کے لئے 36 ارب روپے ، بی آر ٹی آپریشنل سبسڈی اور بسوں کی خریداری کی مد میں 5.7 ارب ، ریسکیو 1122 تمام تحصیلوں میں توسیع کے لیے 2.2 ارب روپے، ضم اضلاع میں احساس نوجوان پروگرام کے لیے 200 ملین،انفراسٹرکچر سڑکوں کی بہتری کے لیے 52 ارب روپے مختص کرنے کی تجویز ہے۔قبائلی ضم اضلاع میں سیاحت فروغ کے لیے 800 ملین روپے،خوشحال ہزار پروگرام کے لئے چار ارب روپے،فلیٹی براداری خود کفالت کے لئے 51 ملین جبکہ احساس کسان پروگرام کے لئے 2 ارب روپے مختص کیئے جارہے ہیں۔بیرون ملک جانے والے خواہشمند افراد کے لئے بلاسود قرضے کے لئے 2 ارب روپے، ماحولیات شعبے کے لیے ترقیاتی بجٹ میں 99.98 ملین روپے، قدرتی آفات پیشگی اقدامات کے لیے 258 ملین روپے، بجٹ میں ایلیکٹرک بائکس اور رکشہ منصوبے کے لئے 2.5 ارب روپے، 14 نئے گورنمنٹ کالجز کی تعمیر کے لیے 362 ملین روپے، نوجوانوں کے لیے 1.5 ارب روپے لاگت سے انٹرنشپ پروگرام شروع کیا جائے گا۔

بقیہ 6
جانب سے مبینہ طور پر سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزیوں پر تشویش ظاہر کی گئی ہے۔پاکستانی مشن کے مطابق یہ خط اقوام متحدہ سلامتی کونسل کو بھارت کے ان اقدامات کی جانب فوری توجہ مبذول کراتا ہے جنہیں پاکستان نے 1960 کے ورلڈ بینک کی سرپرستی میں طے پانے والے سندھ طاس معاہدہ سندھ طاس معاہدہ کی خلاف ورزی قرار دیا ہے۔خط میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ بھارت کی جانب سے دریائے چناب کے نظام سے متعلق دوغیر قانونی آبی منصوبے تعمیر کیے جارہے ہیں جن کا مقصد پانی کے بہاؤ کو موڑنا ہے، جس سے معاہدے کے تحت طے شدہ مغربی دریاؤں کے استعمال اور بہاؤ میں مبینہ طور پر غیر قانونی تبدیلی پیدا ہو سکتی ہے۔پاکستان نے موقف اختیار کیا ہے کہ یہ اقدامات پانی کو بطور ہتھیار استعمال کرنے کے مترادف ہیں، جس کے پاکستان کی آبی، غذائی اور معاشی سلامتی کے ساتھ ساتھ علاقائی استحکام اور بین الاقوامی امن پر سنگین اثرات مرتب ہوسکتے ہیں۔

بقیہ 7
کے بجائے کارکردگی،شفافیت اور کمپلائنس پر مبنی نیا نظام نافذ کیا جائے گا۔ترجمان وزارت مذہبی امور کے مطابق نئی پالیسی کے تحت موجودہ حج آپریٹرز کی دوبارہ جانچ پڑتال لازمی قرار دی گئی ہے جبکہ پرائیویٹ حج کوٹہ "پہلے آئیں، پہلے پائیں" کی بنیاد پر مختص کیا جائے گا۔ترجمان کے مطابق پرائیویٹ حج آپریٹرز کے لیے کم ازکم دوہزار حجاج کی بکنگ لازمی ہوگی،جبکہ اس سے کم بکنگ پر کمپنی کو غیر فعال قرار دیا جائے گا نا کام کمپنیوں کی نصف سیکیورٹی ضبط کی جائے گی اور ان کے حجاج کو خودکار طریقے سے دوسری کمپنیوں میں منتقل کیا جائے گا نئی پالیسی کے تحت تمام حج کمپنیوں کی آزاد ماہرین کے ذریعے جانچ اور درجہ بندی کی جائے گی جبکہ لائسنس تین سال کے لیے جاری ہوں گے۔

بقیہ 8
قبل ہی کنٹینر ہینڈلنگ کا نیا ریکارڈ قائم کرتے ہوئے 26 لاکھ 51 ہزار ٹی ای یوز سے زائد کنٹینرز ہینڈل کیے ہیں۔جمعہ کو جاری بیان میں وفاقی وزیر نے کہا کہ کراچی پورٹ نے گزشتہ سال کے 26 لاکھ 51 ہزار ٹی ای یوز کے ریکارڈ کو عبور کرتے ہوئے ملکی تاریخ میں سب سے زیادہ کنٹینر ہینڈلنگ کا اعزاز حاصل کر لیا ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ کامیابی مالی سال کے اختتام سے چند ہفتے قبل حاصل کی گئی، جو پاکستان کے بحری شعبے پر بڑھتے ہوئے اعتماد اور بندرگاہی کارکردگی میں نمایاں بہتری کی عکاس ہے۔محمد جنید انوار چوہدری نے اس کامیابی کا سہرا کے پی ٹی کے افسران اور کارکنان کی انتھک محنت، آپریشنل استعداد میں اضافے اور حکومت کی جانب سے بحری انفراسٹرکچر کو مضبوط بنانے کے عزم کو دیا۔

بقیہ 9
کی اعلیٰ سعودی حکام سے اہم ملاقاتیں ہوں گی، ملاقاتوں میں پاکستان میں سرمایہ کاری، دفاعی تعاون سمیت دیگر امور پر بات چیت ہوگی۔ذرائع نے بتایا کہ وزیراعظم کی اعلیٰ سعودی حکام سے ملاقاتوں میں اہم فیصلے کئے جائیں گے۔

بقیہ 10
اس اقدام سے پاسپورٹ سے متعلق فراڈ اور جعلسازی کا خاتمہ ہوگا۔پاسپورٹ اینڈ امیگریشن ہیڈکوارٹرز میں ہونے والے اجلاس میں پاسپورٹ سسٹم میں بڑی اصلاحات کا فیصلہ کیا گیا۔ڈی جی پاسپورٹس اینڈ امیگریشن محمد علی رندھاوا نے بریفنگ میں بتایا کہ بیرون ملک اور اندرون ملک پاسپورٹ کی ہوم ڈیلیوری کے لیے ابتدائی کام مکمل کر لیا ہے۔شہریوں کو پاسپورٹ ان کی دہلیز پر فراہم کرنے کا عمل جلد شروع کیا جائے گا۔اجلاس میں یکم جولائی سے پاسپورٹ دفاتر میں کیش لیس نظام نافذ کرنے اور آن لائن درخواستوں کو پاک آئی ڈی پلیٹ فارم پر منتقل کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا۔وزیر داخلہ نے بزنس پاسپورٹ پالیسی کو ایف بی آر کی مشاورت سے جلد حتمی شکل دینے کی ہدایت کی۔

بقیہ 11
میں پیش کی۔قرارداد میں ایوان نے ایران امریکا مذاکرات کامیاب ہونے پر اطمینان کا اظہار کیا۔وزیراعظم، ڈپٹی وزیراعظم اور فیلڈ مارشل سمیت پوری ٹیم کو خراج تحسین کیا گیا۔قرارداد کے متن کے مطابق پاکستان کی سفارتکاری نے ملک کو عالمی سطح پر قابل اعتماد، غیر جانبدار ثالث کے طور پر منوایا، وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں پاکستان کے امن پسند، مثبت اور تعمیری عالمی کردار کو سراہا گیا۔متفقہ قرارداد میں عالمی امن،علاقائی استحکام، مذاکرات، مصالحتی سفارتکاری کے فروغ کی ضرورت پر زور دیا گیا ہے

بقیہ 12
آئی پی پی کی مخصوص نشستیں بند دینے کیلئے اپیل دائر کی تھی، الیکشن کمیشن نے پیپلز پارٹی کی جانب سے دائر کی جانے والی اپیل کو مسترد کرتے ہوئے آئی پی پی کے حق میں فیصلہ سنایا۔پیپلز پارٹی فیصلے کیخلاف عدالت عظمیٰ سے رجوع کر سکتی ہے۔یاد رہے کہ گلگت بلتستان اسمبلی کے 4 نومنتخب آزاد اراکین اسمبلی نے استحکام پاکستان پارٹی کے صدر عبدالعلیم خان سے ملاقات کی اور قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے پارٹی میں شمولیت کا اعلان کیا تھا۔آئی پی پی میں شمولیت اختیار کرنے والے آزاد اراکین میں جی بی 23 گانچھے سے انور علی، جی بی 24 گانچھے سے اسد شفیق ، جی بی 15 دیامر سے محمد دلپذیر اور جی بی 21 غذر سے امان علی شامل ہیں۔

بقیہ 13
گئی۔بجٹ دستاویز کے مطابق سالانہ ترقیاتی پروگرام کے 2 ہزار 765 منصوبوں کے لیے 519 ارب روپے مختص کر دیئے گئے، جن میں بندوبستی اضلاع کے 2070،ضم اضلاع 318 اور اے آئی پی کے 377 منصوبے شامل ہیں۔بجٹ دستاویز کے مطابق کل منصوبوں میں 15 سو 64 پرانے اور 12 سو 1 نئے منصوبے شامل ہیں۔سالانہ ترقیاتی پروگرام کے تحت 44 فیصد فنڈز انفراسٹرکچر، 19 فیصد سوشل، اور 13 فیصد فنڈز گورننس کے شعبے پرخرچ کیے جائیں گے،اسی طرح پیداواری شعبے کے لئے 9 فیصد جبکہ گرین سیکٹر کے لئے 5 فیصد فنڈز مختص کئے گئے ہیں

بقیہ 14
ہوئے راجہ پرویز اشرف نے کہا کہ سرکاری ملازمین، پنشنرز اور زراعت سے منسلک لوگ بجٹ سے فوری متاثر ہوتے ہیں، سرکاری ملازمین، پنشنرز اور زراعت سے منسلک طبقہ دباؤ کا شکار رہتا ہے۔انہوں نے کہا کہ کاروباری طبقے کی بھی دشواریاں ہوتی ہیں، کاروباری طبقہ مہنگائی کے تناسب سے اپنی چیزوں کی ریٹ بڑھا دیتا ہے اور آخر میں کنزیومر پر اثرات آتے ہیں۔راجہ پرویز اشرف نے کہا کہ حکومت نے سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں 7 فیصد اضافہ کیا جو بہت کم ہے، ہم نے تنخواہوں اور پنشن میں 100 فیصد تک اضافہ کیا تھا، حکومت سے گزارش ہے کہ تنخواہوں میں اضافے کو 7 سے بڑھا کر 10 فیصد کیا جائے۔

بقیہ 15
ن شہباز شریف کے دستخط موجود ہیں۔ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹ ایکس پر ایران امریکا معاہدے کی ایک دستخط شدہ کاپی شیئر کی ہے،جس میں دونوں ممالک کے درمیان کئی اہم اور دور رس اثرات رکھنے والے فیصلوں کی تفصیلات سامنے آئی ہیں۔معاہدے کے مطابق ایران اور امریکا کے درمیان مستقل جنگ بندی اور تمام دشمنی کے خاتمے پر اتفاق کیا گیا ہے، جسے خطے میں کشیدگی کم کرنے کی جانب ایک اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔دستاویز کے مطابق ایران پر عائد اقتصادی پابندیوں کو مکمل طور پر ختم کرنے پر بھی اتفاق کیا گیا ہے، جب کہ ایران نے جوہری ہتھیاروں کی تیاری نہ کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف نے واضح کیا ہے کہ معاہدے کی خلاف ورزی یا غیر ضروری مطالبات کا سخت جواب دیا جائیگا،وعدہ خلافی ہوئی تو ہم بھرپور ردعمل دیں گے۔باقر قالیباف نے ایکس پر بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ سپریم لیڈر نے ہمیں معاہدے کی شقوں اور شرائط پر عملدرآمد یقینی بنانے کا ٹاسک دیا ہے۔ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر نے کہا کہ اگر فریق مخالف کی جانب سے بدنیتی، معاہدے کی خلاف ورزی یا حد سے زیادہ مطالبات سامنے آئے تو ہم دشمن کو سخت اور فیصلہ کن جواب دینے میں کوئی ہچکچاہٹ نہیں کریں گے۔باقر قالیباف نے کہا کہ انہیں جنگ کے دوران ایک بار سبق سکھایا جا چکا ہے، اگر وہ دوبارہ اسی راستے پر چلنے کی خواہش رکھتے ہیں تو اس بار انہیں اس سے بھی زیادہ سخت جواب ملے گا۔

بقیہ 16
مودی کو ایک ہی سانس میں فرشتہ اور قاتل قرار دے کر سوشل میڈیا پر نئی بحث چھیڑ دی۔تجارتی معاہدے سے متعلق ایک سوال کے جواب میں ٹرمپ نے کہا کہ مودی دنیا کے سخت ترین مذاکرات کاروں میں سے ایک ہیں، وہ بہت خوبصورت اور معصوم نظر آتے ہیں، بالکل ایک فرشتے کی طرح لیکن حقیقت میں وہ بہت سخت ہیں، قاتل اور بے رحم ہیں۔ٹرمپ کے اس بیان کے بعد سوشل میڈیا پر شدید ردعمل سامنے آیا۔متعدد صارفین نے 2002 کے گجرات فسادات کا حوالہ دیتے ہوئے مودی پر تنقید کی ہے اور یاد دلایا ہے کہ ماضی میں انہیں فسادات میں کردار کے الزامات کے باعث امریکا کا ویزا دینے سے انکار کیا گیا تھا۔ایک صارف نے اس بیان پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ٹرمپ نے مودی کو قاتل قرار دیا جبکہ مودی کے پاس مسکرانے کے سوا کوئی چارہ نہیں تھا۔

بقیہ 17
نے سرکاری اسکولوں کو مالی طور پر خود مختار بنانے اور اضافی آمدن پیدا کرنے کیلئے ایک نیا اور جامع منصوبہ تیار کیا ہے، جس کے تحت اسکولوں کے غیر استعمال شدہ وسائل کو کمرشل بنیادوں پر استعمال کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔تفصیلات کے مطابق محکمہ تعلیم نے اسکولوں کیلئے اضافی آمدن کے 13 مختلف آپشنز تجویز کیے ہیں، جن کے ذریعے تعلیمی اداروں کو مالی طور پر مستحکم بنانے کا ہدف رکھا گیا ہے۔منصوبے کے تحت اسکولوں کی بیرونی دیواروں پر برانڈنگ، فلیکس بورڈز، بل بورڈز اور ہورڈنگز لگانے کی اجازت دینے پر غور کیا جا رہا ہے، جس سے اشتہاری آمدن حاصل کی جا سکے گی۔اسی طرح اسکولوں کی اضافی زمینوں پر مارکیٹس، دکانیں اور دیگر کمرشل سرگرمیوں کے آغاز کا آپشن بھی شامل ہے۔مجوزہ منصوبے میں موبائل فون کمپنیوں کو اسکولوں میں ٹیلی کام ٹاورز نصب کرنے کی پیشکش اور اسکولوں کی چھتوں و خالی زمین پر سولر انرجی منصوبے لگانے کی تجویز بھی شامل ہے۔مزید یہ کہ اسکول گراؤنڈز اور ہالز کو تقریبات اور کھیلوں کے لئے کرائے پر دینے جبکہ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت پیڈل، کرکٹ اور جم سہولیات قائم کرنے کی بھی تجویز دی گئی ہے۔

بقیہ 18
پاکستانی سفارت خانے کے بیان کے مطابق نوادرات تمام ضروری قانونی اور انتظامی طریقہ کار مکمل کرنے کے بعد گزشتہ اسلام آباد پہنچ گئے۔پاکستانی سفارت خانے نے مزید بتایا ہے کہ یہ اسمگل شدہ نوادرات بازیابی کے بعد اطالوی حکام کی جانب سے اپریل میں پاکستان کے قونصلیٹ جنرل کے حوالے کئے گئے تھے۔ان نوادرات کی واپسی ثقافتی ورثے کے تحفظ اور تاریخی اشیائی غیر قانونی اسمگلنگ کو روکنے کے لیے دونوں ممالک کے درمیان مضبوط تعاون کی عکاسی کرتی ہے۔یاد رہے کہ گزشتہ سال اکتوبر میں بھی اٹلی نے 90 قدیم نوادرات پاکستان کو واپس کیے جو 2007 میں ثقافتی ورثے کے تحفظ کیلئے کاراپنیری کمانڈ کے ذریعے ضبط کیے گئے تھے

بقیہ 19
ملک کے رہائشیوں نے بتایا کہ وہ اپنی صبح کی نماز ابھی ختم ہی کر رہے تھے کہ دارالحکومت نیامی میں واقع دیوری ہامانی انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے دھماکوں اور فائرنگ کی آوازیں سنائی دیں۔نائجر کی وزارت دفاع کا کہنا ہے کہ ہلاک ہونے والوں میں 22 حملہ آور، 11 فوجی اور دو عام شہری شامل ہیں۔حکام کا کہنا ہے کہ چار حملہ آور زخمی بھی ہیں جبکہ 20 مشتبہ افراد کو گرفتار کرلیا گیا ہے،ان کا مزید کہنا ہے کہ آر پی جی 7 لانچرز، اے کے 47 رائفلیں، دھماکہ خیز مواد، گرینیڈ، مواصلاتی آلات اور ہزاروں راؤنڈ گولہ بارود سمیت بھاری مقدار میں اسلحہ بھی قبضے میں لیا گیا ہے۔القاعدہ سے منسلک جماعت نصرت الاسلام والمسلمین نے اس حملے کی ذمہ داری قبول کی۔یہ پانچ ماہ سے بھی کم عرصے میں اس طرز کا دوسرا حملہ ہے۔اس سے قبل رواں برس جنوری میں ہوائی اڈے پر ہونے والے حملے میں چار فوجی اہلکار زخمی ہوئے تھے جبکہ 20 حملہ آور ہلاک ہوئے تھے۔

بقیہ 20
باوجود خراب شہرت رکھنے والا جج منصب پر برقرار نہیں رہ سکتا۔نو صفحات پر مشتمل فیصلے میں کہا گیا کہ عدلیہ کی اصل طاقت عوام کا اعتماد ہے اور اگر کسی جج کی ساکھ متاثر ہو جائے تو قانون اور عدالتی نظام پر عوام کا اعتماد بھی متزلزل ہو جاتا ہے۔عدالت نے قرار دیا کہ عدالتی ادارہ صرف حقیقی دیانت ہی نہیں بلکہ دیانت کے تاثر کا بھی تقاضا کرتا ہے، جبکہ جج کا معیار محض بے گناہی نہیں بلکہ ہر قسم کے شبے سے بالاتر ہونا ہے۔سپریم کورٹ نے سروس ٹربیونل کا فیصلہ کالعدم قرار دیتے ہوئے کہا کہ برطرفی کو ریٹائرمنٹ میں تبدیل کرنا قانون کی غلط تشریح تھی۔عدالت کے مطابق خراب شہرت ثابت ہونے پر ریٹائرمنٹ نہیں بلکہ برطرفی ہی مناسب سزا ہے اور ایسے جج کو ریٹائرمنٹ فوائد دے کر رخصت کرنا یہ تاثر دیتا ہے کہ دیانتداری پر سمجھوتہ ممکن ہے۔فیصلے میں کہا گیا کہ جج کی دیانت یا تو مکمل ہوتی ہے یا بالکل نہیں ہوتی، عدالتی ادارے کی ساکھ کے تحفظ کے لیے خراب شہرت رکھنے والے جج کی برطرفی ناگزیر ہے۔

بقیہ 21
کہ بھارت کو ہماری جلن اور تکلیف نہیں ہوگی تو دنیا میں کسے ہو گی، آپریشن بنیان مرصوص میں شکست کی ہزیمت بھارت کو صدیوں یاد رہے گی۔خواجہ آصف نے کہا کہ جنگ میں بھارت کی پٹائی تاریخ کا حصہ بن گئی ہے، بھارت نے ایڈوانچر کی کوشش کی تو ہر لمحہ تیار ہیں، کوئی شک میں نہ رہے۔وزیر دفاع خواجہ آصف نے سوئٹزرلینڈ میں ہونے والی تقریب پر تبصرے سے گریز کیا۔ان کا کہنا تھا کہ افغانستان میں بھارت کی پراکسیز کا بھی کوئی بندوبست کریں گے،ایران والا معاملہ طے پایا ہے، بھارت کی زبان آزاد کشمیر میں بولی گئی ہے، برطانیہ میں جولوگ فنڈز دے رہے ہیں،وہاں بھی بھارتی پراکسیز کام کر رہی ہیں۔مقبوضہ کشمیر میں بھی خواتین جیلوں میں ظلم برداشت کر رہی ہیں۔وزیر دفاع کا کہنا تھا کہ یہ لوگ پرچم کی بھی توہین کر رہے ہیں،کشمیری پاکستان کے ساتھ شناخت کی قیمت ادا کر رہے ہیں،سب نے قربانیاں دیں،افسوس کہ آزادکشمیر والے آزادی کی قدر نہیں کر رہے،آبی جارحیت کا بھی مکمل بندوبست کیا جائے گا،کسی کو پاکستان کے پانی کا ایک قطرہ بھی لینے نہیں دیں گے۔

بقیہ 22
نے کہا کہ جب ہمیں فصلوں کیلئے ضرورت ہوگی تو بھارت پانی روکے گا،ہمیں ضرورت نہیں ہوگی تو بھارت پانی چھوڑے گا جس سے سیلاب آئے گا حل یہ ہے کہ ہمیں بھی 3 سے 4 پانی کے ذخائر بنانے چاہئیں، بھارت پانی چھوڑے تو ہم اسے ذخیرہ کرلیں۔رانا ثناءاللہ نے کہا کہ امریکہ ایران کے درمیان تیسری عالمی جنگ ہونے جارہی تھی، اس کو رکوایا گیا،امریکہ ایران کی جنگ بندی کا تاریخی کارنامہ پاکستان نے انجام دیا، وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کو تاریخ یاد رکھے گی، وزیراعظم اور فیلڈ مارشل ہیروز ہیں،تاریخ کبھی فراموش نہیں کرے گی۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم سے درخواست کروں گا معرکہ حق اور امن معاہدے پر کتاب لکھیں، ایک بیچ مذاق بنا ہوا ہے،اچھے معنوں میں نہیں لیا جاتا، وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کے درمیان خلوص،عزت واحترام کارشتہ ہے، فیلڈ مارشل عاصم منیر معاملہ فہم ہیں۔مشیر وزیراعظم نے کہا کہ کابینہ میں تبدیلی وزیراعظم کا استحقاق ہے،جب چاہیں کر دیں، وزیراعظم میٹنگز میں کچھ لوگوں سے ناراض ہوتے رہتے ہیں،ضروری نہیں جس سے ناراض ہوں اس کو تبدیل کردیں۔انہوں نے کہا کہ آزادکشمیر کے مسائل میں شفاف الیکشن بہتری لاسکتے ہیں، آزادکشمیر الیکشن جیتنے کی کوشش کریں گے،گلگت بلتستان میں شفاف الیکشن ہوئے، ہمیں گلگت بلتستان میں حکومت سازی کیلئے پیپلزپارٹی کو سپورٹ کرنا چاہیے۔

بقیہ 23
صارفین تک پہنچ رہے ہیں۔اسلام آباد میں پاک امریکی ثقافتی اشتراک سے متعلق تقریب سے خطاب کرتے ہوئے نیٹلی بیکر نے کہا کہ امریکی فیشن بھی پاکستان میں دستیاب ہے۔انہوں نے کہا کہ فیشن فن اور ثقافت نوجوان نسل کو جوڑنے اور تعلقات کو نئی جہت دینے کا موثر ذریعہ بن رہے ہیں۔امریکی ناظم الامور نے یہ بھی کہا کہ پاک امریکا تعلقات اس وقت اپنی بلند ترین سطح پر ہیں، پاک امریکا شراکت داری سفارت کاری سے بڑھ کر کاروبار،معیشت،ثقافت اور فیشن تک پھیل چکی ہے۔

بقیہ 24
نے منشیات کے مقدمے میں ملزمان کو 2 روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کر دیا۔جوڈیشل مجسٹریٹ جنوبی نعیم اختر کی عدالت کے روبرو منزیاف کے مقدمے میں پولیس نے 2 گرفتار ملزمان کو پیش کیا۔پولیس نے 3 پیکٹ سربمہر منشیات بھی عدالت میں پیش کیں۔ملزمان میں عاقب اور غلام عباس شامل ہیں۔مقدمے میں انمول عرف پنکی کو مفرور ظاہر کیا۔عدالت نے استفسار کیا انمول عرف پنکی کی گرفتاری کیوں نہیں ڈالی۔تفتیشی افسر نے کہا کہ ملزمہ کی گرفتاری ابھی اس مقدمے میں نہیں ڈالی ہے۔عدالت نے ہدایت کی دونوں ملزمان عاقب اور غلام عباس کا سی آر او کرایا جائے، ملزمہ کی گرفتاری اجازت لے کر ڈالی جائے۔تفتیشی افسر نے ملزمان کے 10 روزہ جسمانی ریمانڈ کی استدعا کی۔عدالت نے ملزمان کو 2 روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کر دیا۔عدالت نے تفتیشی افسر سے آئندہ سماعت پر پیش رفت رپورٹ طلب کرلی۔پولیس کے مطابق ساؤتھ زون پولیس نے ملزموں کو گزشتہ روز گرفتار کیا تھا۔دونوں رائڈرز پنکی گینگ کے لیئے کام کرتے تھے۔رائیڈر عاقب اور غلام مصطفیٰ کی آن لائن منشیات ڈیلیوری میں ملوث ہیں۔دونوں ملزمان کو بوٹ بیسن پولیس نے گرفتار کیا ہے۔

بقیہ 25
کی رہائش گاہ پر تقریب کا انعقاد کیا گیا،جس میں پارٹی قیادت کی جانب سے نیلوفر بختیار کا پرتپاک خیرمقدم کیا گیا۔چودھری سالک حسین، چودھری شافع حسین کا مشترکہ بیان میں کہنا تھا کہ ہمارے دروازے ہر ایک کیلئے کھلے ہیں مقصد پاکستان کی ترقی، خوشحالی اور استحکام ہے۔نیلوفر بختیار کا کہنا تھا کہ اپنے سیاسی سفر کا آغاز ق لیگ سے کیا تھا، آج اپنے گھر واپس آئی ہوں، انہوں نے کہا کہ چودھری شجاعت حسین جیسی شفقت اور رہنمائی کہیں اور نہیں ملی، خواتین کی اسمبلیوں ، سینیٹ اور بلدیاتی اداروں میں نمائندگی بڑھانے میں ق لیگ کا اہم کردار رہا ہے۔

بقیہ 26
تقریبات کو شدید متاثر کیا،تاہم ایک جوڑے نے ہمت نہ ہاری اور بالآخر پیٹرول پمپ کو ہی شادی ہال بنا کر اپنی زندگی کے نئے سفر کا آغاز کر دیا۔لاہور میں ہونے والی اس منفرد شادی کی کہانی سوشل میڈیا پر توجہ کا مرکز بن گئی ہے۔دلہا نعمان کے مطابق مہندی کی تقریب کے لیے سیٹ اپ تین بار لگایا گیا، تاہم ہر بار آنے والے طوفان نے اسے تباہ کر دیا۔تیز ہواؤں کے باعث ٹینٹ اڑ گئے، صوفے ٹوٹ گئے اور تقریباً 15 لاکھ روپے کا نقصان ہوا۔مسلسل خراب ہوتے انتظامات کے باوجود دلہا اور دلہن نے ہمت نہیں ہاری۔ہنگامی صورتحال میں ایک پیٹرول پمپ پر نکاح کی تقریب منعقد کرنے کا فیصلہ کیا گیا، جہاں مہندی اور نکاح کی رسومات رات 2 بجے انجام پائیں۔دلہن فاطمہ کا کہنا تھا کہ "طوفان ہار گیا محبت جیت گئی"۔منفرد انداز میں منعقد ہونے والی اس شادی کی ویڈیوز سوشل میڈیا پر تیزی سے وائرل ہو رہی ہیں، جہاں صارفین جوڑے کے حوصلے اور جذبے کو سراہ رہے ہیں۔

بقیہ 27
میں ناکام رہی، 2 وفاقی جامعات قائد اعظم یونیورسٹی اور نیشنل یونیورسٹی سائنس وٹیکنالوجی اپنی گزشتہ برس کی درجہ بندی بھی برقرار نہیں رکھ سکیں۔کیو ایس عالمی درجہ بندی 2027 میں پاکستان کی 18 جامعات کو عالمی سطح کے 1504 اعلیٰ اداروں میں شامل کیا گیا۔درجہ بندی کے مطابق قائد اعظم یونیورسٹی گزشتہ برس 354 ویں نمبر پر تھی مگر 2027 کی درجہ بندی میں 381 نمبر پر آگئی، دوسری جانب نیشنل یونیورسٹی سائنس وٹیکنالوجی (نسٹ) 371 ویں نمبر سے 384 اسی طرح پاکستان انسٹیٹیوٹ آف انجینئرنگ اینڈ اپلائڈ سائنز 721 سے 560، جبکہ پنجاب یونیورسٹی جو 542 ویں نمبر پر تھی اب 588 نمبر پر آگئی ہے۔یونیورسٹی آف مینجمنٹ سائنسز (LUMS) 555 ویں نمبر سے 608،یونیورسٹی آف ایگریکلچر فیصل آباد 654 ویں نمبر سے 629، کامسیٹس یونیورسٹی اسلام آباد 664 ویں نمبر سے 639 پر آگئی ہے۔گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد 691، پاکستان انسٹیٹیوٹ آف انجینئرنگ اینڈ اپلائڈ سائنسز 721 ویں نمبر پر رہی، یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور 791، آغا خان یونیورسٹی اور یونیورسٹی آف پشاور 951، بہاالدین زکریا یونیورسٹی اور یونیورسٹی آف لاہور 1001، رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی، یونیورسٹی آف کراچی اور یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی اینڈ مینجمنٹ لاہور 1201 جبکہ انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد، اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور 1401 نمبر پر ہیں۔

بقیہ 28
کے ٹھکانوں کو ڈرون حملوں میں نشانہ بنانے کے دعوؤں کو مسترد کر دیا۔اپنے فیکٹ چیک اکاؤنٹ پر جاری ایک بیان میں وفاقی وزارت اطلاعات ونشریات نے کہا کہ افغان طالبان کی حکومت، اپنے مختلف پروپیگنڈے کرنے والے افراد اور سرکاری بیانات کے ذریعے خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے سرحدی علاقوں میں داعش کے کچھ مبینہ کیمپوں کو ڈرون کے ذریعے نشانہ بنانے کا دعویٰ کر رہی ہے، یہ دعوے ہمیشہ کی طرح جھوٹے ہیں۔وزارت اطلاعات کے مطابق افغان طالبان حکومت مختلف سرکاری بیانات اور پروپیگنڈا ذرائع کے ذریعے یہ تاثر دینے کی کوشش کر رہی ہے کہ اس نے سرحدی علاقوں میں بعض مبینہ دہشت گرد ٹھکانوں کو سادہ نوعیت کے ڈرونز کے ذریعے نشانہ بنایا، تاہم یہ دعوے حقیقت پر مبنی نہیں ہیں اور ان کی کوئی قابل اعتبار شہادت موجود نہیں ہے۔

بقیہ 29
سپیکر نے سفیر کا پرتپاک خیرمقدم کیا اور دوطرفہ تعلقات و علاقائی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا۔ڈاکٹر ڈین سٹوئینیکو نے اسلام آباد میمورنڈم آف انڈرسٹینڈنگ پر دستخط کے موقع پر سپیکر سردار ایاز صادق کو مبارکباد پیش کی اور امریکہ اور اسلامی جمہوریہ ایران کے درمیان مفاہمت کے لئے پاکستان کے کلیدی اور تعمیری کردار کو سراہا۔رومانیہ کے سفیر نے پاکستان کی سیاسی اور عسکری قیادت کی مشترکہ کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی مربوط اور دوراندیش سفارتکاری کے باعث اسلام آباد ایم او یو پر دستخط ممکن ہوئے، انہوں نے کہا کہ یہ معاہدہ ایک اہم سفارتی پیشرفت ہے، جس کے نتیجے میں کشیدگی میں کمی اور امن کے لئے نئی راہیں ہموار ہوئی ہیں۔

بقیہ 30
زرداری نے چیف جسٹس سپریم کورٹ آف پاکستان اور چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت کی 14 ویں سینٹ پیٹرزبرگ انٹرنیشنل لیگل فورم میں شرکت سے متعلق وزیراعظم کی ایڈوائس منظور کرلی۔ایوان صدر کے پریس ونگ سے جمعہ کو جاری بیان کے مطابق 14 واں سینٹ پیٹرزبرگ انٹرنیشنل لیگل فورم 24 تا 26 جون روس کے شہر سینٹ پیٹرزبرگ میں منعقد ہوگا۔

بقیہ 31
نے کہا تھا کہ جنوبی لبنان میں تعیناتی سے متعلق اسرائیل اپنے موقف سے پیچھے ہٹنے کا ارادہ نہیں رکھتا۔واضح رہے کہ امریکا اور ایران کے درمیان جنگ بندی کے ایک مجوزہ معاہدے کی تفصیلات سامنے آرہی ہیں جس میں لبنان میں فوجی کارروائیوں کے خاتمے کا بھی ذکر کیا گیا ہے۔

بقیہ 32
کاروباری ہفتے کے پانچویں اور آخری روز کاروبار کے دوران اسٹاک ایکسچینج میں تیزی دیکھنے میں آئی، 700 سے زائد پوائنٹس کے اضافے کے ساتھ پاکستان اسٹاک مارکیٹ میں ہنڈرڈ انڈیکس ایک لاکھ 82 ہزار 185 پوائنٹس کی بلند ترین سطح پر پہنچ گیا۔تاہم پہلے ٹریڈنگ سیشن کا اختتام منفی زون میں ہوا، انڈیکس دوران ٹریڈنگ چار نفسیاتی حدیں کھو بیٹھا،

بقیہ 33
سول قیادت کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔علامہ طاہر اشرفی نے کہا کہ آج ہم یوم تشکر منا رہے ہیں،پاکستان کو اللہ پاک نے عزتوں سے نوازا، پہلے پاکستان کو میدان جنگ میں فتح نصیب ہوئی اور اب دنیا میں امن قائم کرنے کا شرف بھی اللہ نے پاکستان کو بخشا۔علامہ طاہر اشرفی کا کہنا تھا کہ بلاشبہ اسکا سہرا فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی مدبرانہ قیادت اور وزیراعظم پاکستان کے سر ہے۔ساتھ ہی ہم اپنے تمام اسلامی و دوست ممالک کا بھی شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے پاکستان پر اعتماد کیا اور امن قائم کرنے کے کے حوالے سے مثبت کردار ادا کیا۔

بقیہ 34
آبادی کی عمر 30 برس سے کم ہے۔ان میں 15 سے 29 سال عمر کے افراد کی تعداد 6 کروڑ 69 لاکھ 60 ہزار ہے جو مجموعی آبادی کا 26.56 فیصد بنتی ہے۔جائزے میں کہا گیا ہے کہ نوجوان آبادی کی یہ بڑی تعداد پاکستان کو ایک منفرد مقام فراہم کرتی ہے کیونکہ یہی طبقہ مستقبل میں افرادی قوت، کاروباری سرگرمیوں اور کھپت کے ذریعے معاشی ترقی کو رفتار دے سکتا ہے۔رپورٹ کے مطابق 2025 میں پاکستان کی متوقع آبادی 25 کروڑ 20 لاکھ 90 ہزار رہی جبکہ آبادی میں اضافے کی شرح 2.07 فیصد ریکارڈ کی گئی۔

بقیہ 35
جاں بحق اور 7 زخمی ہوگئے۔صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کی جانب سے جاری نقصانات کی ابتدائی رپورٹ میں بتایا کہ جاں بحق ہونے والے 9 افراد میں 5 مرد، 2 خواتین اور 2 بچے شامل ہیں۔اس کے علاوہ مختلف واقعات میں 7 افراد زخمی بھی ہوئے ہیں۔واقعات ڈیرہ اسماعیل خان، دیر، کوہاٹ اور کرک کے اضلاع میں پیش آئے۔تیز آندھی اور بارشوں کے باعث مجموعی طور پر 4 گھروں کو نقصان پہنچا، جن میں سے 3 گھروں کو جزوی جبکہ ایک گھر کو مکمل طور پر نقصان پہنچا ہے۔ڈی جی پی ڈی ایم اے نے متعلقہ ضلعی انتظامیہ کو ہدایت کی ہے کہ متاثرہ خاندانوں کو فوری طور پر امدادی سامان فراہم کیا جائے اور ریسکیو آپریشن کو مزید تیز کیا جائے۔پی ڈی ایم اے، ریسکیو 1122 اور مقامی ضلعی انتظامیہ متاثرہ علاقوں میں فیلڈ پر موجود ہیں اور امدادی سرگرمیوں میں مصروف ہیں۔

بقیہ 36
کمشنرز، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسرز، سکیورٹی اداروں کے ڈویژنل سربراہان اور متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔اجلاس کے آغاز میں پنجاب۔کے پی کے بارڈر پر واقع بھنکی چیک پوسٹ پر دہشت گرد حملے میں شہید ہونے والے پولیس اہلکاروں کے ایصال ثواب اور درجات کی بلندی کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔اجلاس کے دوران پنجاب۔کے پی بارڈر پر قائم چیک پوسٹوں کی سکیورٹی، امن و امان کی موجودہ صورتحال، غیر ملکی شہریوں اور حساس تنصیبات کے تحفظ کے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔کمشنر اشفاق احمد چوہدری نے ہدایت کی کہ موجودہ سکیورٹی صورتحال کے پیش نظر بارڈر چیک پوسٹوں کو ہائی الرٹ رکھا جائے، فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائیوں میں بین الادارہ رابطہ مزید موثر بنایا جائے اور کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے بیک اپ ٹیموں کو ہمہ وقت تیار رکھا جائے۔اجلاس میں محرم الحرام کے دوران سکیورٹی انتظامات، تحریت الرس، جلوسوں اور مجالس کی آن لائن مانیٹرنگ، فلیش پوائنٹس اور ڈبل سائلس کی نگرانی سمیت مختلف امور کا خصوصی جائزہ لیا گیا۔کمشنر نے ہدایت کی کہ جلوسوں اور مجالس کے روٹس پر صفائی ستھرائی، مناسب روشنی، نکاسی آب، لٹکتی ہوئی بجلی اور ٹیلیفون کی تاروں کے خاتمے اور گرمی سے بچاؤ کے انتظامات بروقت مکمل کیے جائیں۔انہوں نے تمام محکموں کو ہدایت کی کہ ہنگامی حالات سے نمٹنے کے لیے پیشگی منصوبہ بندی اور بین الادارہ تعاون کو یقینی بنایا جائے۔اس موقع پر آر پی او محمد اظہر اکرم نے کہا کہ تمام ضلعی سربراہان محرم الحرام کے سکیورٹی انتظامات کی خود نگرانی کریں اور جلوسوں و مجالس کے اوقات، روٹس اور طے شدہ ضابطہ کار پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنائیں۔انہوں نے ہدایت کی کہ ہوٹلز، سراؤں، بس اڈوں، کرایہ داروں، مشکوک افراد اور فورتھ شیڈول میں شامل عناصر کی کڑی نگرانی کی جائے جبکہ ہوٹل آئی، سمارٹ آئی اور ای پولیس پوسٹ سمیت جدید آن لائن سافٹ ویئرز کے ذریعے موثر چیکنگ کا نظام فعال رکھا جائے۔آر پی او نے سوشل میڈیا کی مسلسل مانیٹرنگ، اشتعال انگیز اور فرقہ وارانہ مواد کے تدارک، وال چاکنگ کے خاتمے اور نفرت انگیز تقاریر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی بھی ہدایت کی۔انہوں نے مزید کہا کہ نیاز، لنگر اور سبیلوں کے انتظامات کو بھی متعلقہ اداروں سے مکمل جانچ اور کلیئرنس کے بعد ہی اجازت دی جائے تاکہ عوام کے جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنایا جاسکے۔اجلاس میں اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ ڈیرہ غازی خان ڈویژن میں محرم الحرام کے دوران امن، مذہبی ہم آہنگی اور عوامی تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے تمام ادارے باہمی تعاون اور مربوط حکمت عملی کے تحت اپنی ذمہ داریاں ادا کریں گے۔

بقیہ 37
شروع کرنے کا فیصلہ،کم داخلے والے شعبوں کو فوکس کیا جائے گا۔ترجمان کے مطابق دی ویمن یونیورسٹی ملتان میں آئندہ تعلیمی سیشن اور داخلہ مہم کے حوالے سے ایک اہم اجلاس وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر سیدہ شاہدہ بتول کی زیرصدارت منعقد ہوا۔اجلاس میں یونیورسٹی کے تمام شعبہ جات کے چیئرپرسنز نے شرکت کی جبکہ رجسٹرار ڈاکٹر دیبا شہوار بھی اجلاس میں موجود تھیں۔اجلاس کے دوران سیکرٹری داخلہ کمیٹی سعید طاہر نے مختلف شعبہ جات میں طلبہ کی تعداد، جاری تعلیمی پروگرامز، داخلوں کے رجحانات، گزشتہ برسوں کی کارکردگی اور مستقبل میں داخلوں کے امکانات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔اس موقع پر ہر شعبے کے چیئرپرسن نے اپنے اپنے شعبے کی تعلیمی و تحقیقی کامیابیوں، مستقبل کے منصوبوں، نئے پروگرامز اور مارکیٹ کی ضروریات سے ہم آہنگ کورسز کے اجراء کے حوالے سے وائس چانسلر کو آگاہ کیا۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر سیدہ شاہدہ بتول نے کہا کہ عصر حاضر کے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے نصاب، تدریسی طریقہ کار اور تحقیقی سرگرمیوں میں جدت لانا ناگزیر ہو چکا ہے۔یونیورسٹی کے تمام شعبہ جات جدید نصابی ڈھانچے، تحقیق پر مبنی تدریس اور عملی مہارتوں کے فروغ پر خصوصی توجہ دیں تاکہ طلبہ کو بدلتی ہوئی قومی و عالمی مارکیٹ کے تقاضوں کے مطابق تیار کیا جا سکے۔انہوں نے کہا کہ اعلیٰ تعلیم کا مقصد صرف ڈگریاں فراہم کرنا نہیں بلکہ ایسے باصلاحیت، ذمہ دار اور ہنرمند افراد تیار کرنا ہے جو معاشرے اور ملک کی ترقی میں موثر کردار ادا کر سکیں۔اساتذہ معیاری تعلیم، تحقیقی کلچر کے فروغ اور طلبہ کی پیشہ ورانہ تربیت کو اپنی ترجیحات میں شامل رکھیں۔ویمن یونیورسٹی ملتان ایک ممتاز تعلیمی ادارہ ہے۔جس میں بے پناہ صلاحیتیں اور ترقی کے وسیع امکانات موجود ہیں۔انہوں نے تمام فیکلٹی ممبران اور انتظامی افسران پر زور دیا کہ وہ یونیورسٹی کے مثبت تشخص کو اجاگر کرنے کے لیے مشترکہ کوششیں کریں اور ایسے منفی بیانیوں کی حوصلہ شکنی کریں جو ادارے کی ترقی اور ساکھ کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔انہوں نے کہا، دی ویمن یونیورسٹی ملتان باصلاحیت طالبات، قابل اساتذہ اور مضبوط تعلیمی روایات کی حامل ایک اہم درسگاہ ہے۔اگر ہم سب اخلاص، محنت اور مشترکہ وژن کے ساتھ کام کریں تو یہ ادارہ نہ صرف قومی بلکہ بین الاقوامی سطح پر بھی مزید نمایاں مقام حاصل کر سکتا ہے پروفیسر ڈاکٹر سیدہ شاہدہ بتول نے ان شعبہ جات کو خصوصی ہدایات جاری کیں جہاں طلبہ کے داخلوں کی شرح نسبتاً کم ہے۔انہوں نے کہا کہ ایسے شعبے جدید اور موثر تشہیری حکمت عملی اپنائیں، سکولوں اور کالجوں کے ساتھ روابط بڑھائیں اور طلبہ و والدین تک براہ راست رسائی حاصل کریں تاکہ زیادہ سے زیادہ طالبات کو یونیورسٹی میں داخلے کی طرف راغب کیا جا سکے۔مختلف شعبے ڈپلومہ پروگرامز، پروفیشنل سرٹیفکیشنز اور شارٹ کورسز متعارف کرانے کے امکانات کا جائزہ لیں تاکہ طالبات کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ ہو اور انہیں روزگار کے بہتر مواقع میسر آسکیں۔وائس چانسلر نے کہا کہ موجودہ دور میں پبلک ہیلتھ سمیت کئی نئے شعبہ جات تیزی سے اہمیت اختیار کر رہے ہیں،لہٰذا یونیورسٹی کو ابھرتے ہوئے تعلیمی اور پیشہ ورانہ رجحانات کو مدنظر رکھتے ہوئے نئے پروگرامز کے اجراء پر غور کرنا چاہیے۔انہوں نے اساتذہ کو اپنی مکمل حمایت کا یقین دلاتے ہوئے کہا کہ یونیورسٹی انتظامیہ تعلیمی اور تحقیقی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے ہر ممکن سہولت فراہم کرے گی۔انہوں نے فیکلٹی ممبران پر زور دیا کہ وہ ادارے کی ترقی، تعلیمی معیار کی بہتری اور داخلہ مہم کی کامیابی کے لیے بھرپور کردار ادا کریں۔اجلاس کے اختتام میں شرکاء نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ داخلوں میں اضافے، تعلیمی پروگرامز کے فروغ، تحقیق کے معیار کو بہتر بنانے اور دی ویمن یونیورسٹی ملتان کو اعلیٰ تعلیم کے ایک ممتاز مرکز کے طور پر مزید مستحکم کرنے کے لیے مشترکہ اور موثر اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ 38
کالعدم داعش کا ایک اور سرغنہ گرفتار کرلیا گیا ہے۔افغان سرزمین پر موجود داعش میڈیا چیف کی گرفتاری نے طالبان کا اصل دہشت گرد چہرہ دنیا کے سامنے بے نقاب کردیا ہے۔طالبان رجیم کی سرپرستی میں افغانستان عالمی دہشت گردوں کے لیے محفوظ پناہ گاہ اور لانچنگ پیڈ بن چکا ہے۔ترک جریدے کے مطابق ترک انٹیلی جنس نے سرحدی علاقے کے قریب افغانستان سے آپریٹ کرنے والے دہشت گرد گروہ داعش خراسان کے سرغنہ کو گرفتار کرلیا۔ترک انٹیلی جنس نے افغانستان سے کام کرنے والے داعش خراسان کے میڈیا سربراہ احمد قازا بجی کو گرفتار کیا۔دہشت گرد گروہ داعش خراسان کے گرفتار میڈیا چیف نے دہشت گردوں کی تربیت کا بھی اعتراف کیا ہے۔دہشت گرد گروہ داعش خراسان کے سرغنہ نے پروپیگنڈہ تخریب کاری اور دہشت گردی کے لیے سہولت کاری کی۔پاکستان متعدد بار اقوام متحدہ سمیت دیگر عالمی فورمز پر افغانستان کے بطور دہشت گردوں کی محفوظ پناہ گاہ پر انتباہ دے چکا ہے۔پاکستان کے اقوام متحدہ میں سفیر عاصم افتخار احمد کے مطابق داعش، القاعدہ، فتن الخوارج اور فتن الہندوستان سمیت متعدد دہشت گرد گروہ افغانستان میں آزادانہ طور پر سرگرم ہیں۔

بقیہ 39
سماجی رہنما، طلبہ اور عوام الناس کی کثیر تعداد شرکت کرے گی۔تحفظ ناموس رسالت محاذ کے رہنماؤں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین اور اہل بیت اطہار علیہم السلام کی محبت ایمان کا بنیادی جزو ہے۔صحابہ کرام اور اہل بیت اطہار دین اسلام کے وہ روشن کردار ہیں جنہوں نے امت تک دین کی تعلیمات پہنچانے اور اسلام کی سربلندی کے لیے بے مثال قربانیاں پیش کیں۔انہوں نے کہا کہ عظمت صحابہ و اہل بیت مارچ کا مقصد ان مقدس ہستیوں کے مقام و مرتبہ کو اجاگر کرنا،نئی نسل کو ان کی تعلیمات سے روشناس کرانا اور امت مسلمہ میں اتحاد، اخوت، محبت اور باہمی احترام کے جذبات کو فروغ دینا ہے۔

بقیہ 40
بنانے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ تعمیراتی اور تزئین و آرائش کے تمام مراحل میں معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے۔انہوں نے ہدایت کی کہ کام کی رفتار مزید تیز کی جائے تاکہ شہریوں اور تاجروں کو کم سے کم پریشانی کا سامنا کرنا پڑے۔انہوں نے بتایا کہ حسین آگاہی بازار میں واقع تاریخی عمارتوں کے فرنٹ فساڈ کی بحالی کا کام بھی تیزی سے جاری ہے، جو شہر کے تاریخی تشخص کو اجاگر کرنے اور قدیم ورثے کے تحفظ میں اہم کردار ادا کرے گا۔کمشنر عامر کریم خاں نے کہا کہ تاریخی ورثے کا تحفظ اور حسین آگاہی بازار کی خوبصورتی میں اضافہ شہریوں کو بہتر، پرکشش اور خوشگوار ماحول فراہم کرنے کے لیے ایک اہم اقدام ہے۔انہوں نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ تمام کام مقررہ مدت کے اندر اعلیٰ معیار کے ساتھ مکمل کیے جائیں تاکہ یہ منصوبہ ملتان کی خوبصورتی میں نمایاں اضافہ ثابت ہو۔

بقیہ 41
نے دوسرکاری گاڑیوں نمبر 740 جی ایل ایف اور دوسری 3921 ایل ای جی میں چھاپہ مارا تو دوکانداروں نے دوکان پر غیر معیاری دودھ رکھا تھا جس پر ملزم مشتعل ہو گئے اور ٹیم پر دھاوا بول دیا ہنگامہ کھڑا کر دیا اور دودھ پھینک کر ضائع کرنا شروع کر دیا تو ملزموں نے سٹاف کی ٹھکائی کی اس دوران پولیس اور پیرا فورس آگئی اور ایک ملزمہ کو گرفتار کرلیا۔جبکہ دوسرا ملزم یوسف جٹ فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا پولیس سٹی چیچہ وطنی نے محمد اعجاز نواز کی مدعیت میں مقدمہ 188، 186، 506، 353 ت پ اور پنجاب فوڈ اتھارٹی ایکٹ کی دفعہ 1-31 کے تحت درج کرکے ملزم طلحہ کو حراست میں لے لیا۔اور مفرور ملزم یوسف جٹ کی گرفتاری کے لیے ٹیم روانہ کردی۔

بقیہ 42
سی اور وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انور چوہدری کے علاوہ متعلقہ وزارتوں، ڈویژنز، ریگولیٹری اداروں اور سرکاری ملکیتی اداروں کے وفاقی سیکرٹریز اور سینئر حکام نے شرکت کی۔کمیٹی نے بحری امور ڈویژن کی جانب سے پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن کراچی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز میں آزاد ڈائریکٹرز کی تقرریوں کی سفارش مبنی سمری کا جائزہ لیا اور تفصیلی غور وخوض کے بعد ریاستی ملکیتی ادارہ جات گورننس و آپریشنز ایکٹ 2023 اور متعلقہ گورننس فریم ورک کے تحت ان تقرریوں کی منظوری دے دی۔

بقیہ 43
ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو حافظ محمد مدثر سمیت مختلف محکموں کے افسران نے شرکت کی۔اجلاس کے دوران سرکاری واجبات کی وصولی، ریونیو اہداف اور محکمہ وار کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ڈپٹی کمشنر محمد نعمان صدیق نے تمام محکموں کو سرکاری نادہندگان کے خلاف کارروائیاں مزید موثر بنانے اور ریکوری مہم میں تیزی لانے کی ہدایت کی۔انہوں نے کہا کہ سرکاری واجبات کی بروقت وصولی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے اور اس ضمن میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔اجلاس میں ریونیو بڑھانے اور سرکاری ریکوری کے اہداف حاصل کرنے کے لیے نئی حکمت عملی اور جامع پلان تشکیل دینے کی بھی ہدایت کی گئی۔ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو مقررہ اہداف کے حصول کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لانے اور کارکردگی میں مزید بہتری لانے پر زور دیا۔

بقیہ 44
سالہ بریک کے دوران کھانا میرے لیے ایک ٹریگر بن گیا تھا۔اگر میں کوئی ایسی چیز کھا لیتی جو میرے معدے کو خراب کرتی، تو میری آٹو امیون بیماری متحرک ہو جاتی۔اسی وجہ سے میری خوراک انتہائی محدود اور بے حد سادہ ہوگئی تھی۔انہوں نے کہا میں دو سال تک ناشتہ، دوپہر کے کھانے اور رات کے کھانے میں ایک ہی چیز کھاتی رہی۔پھر سب سے پہلی چیز جسے مجھے اپنی خوراک میں شامل کرنے کی اجازت ملی، وہ جیلاٹو (اطالوی طرز کی آئس کریم) تھا، جس میں نہ تو چینی اور نہ ہی دودھ ہوتا ہے۔اس لیے میں اس جیلاٹو کا بے صبری سے انتظار کیا کرتی تھی۔جب میں نے ایک بلی پالنے کا فیصلہ کیا تو میں نے اس کا نام جیلاٹو ہی رکھ لیا۔سمانتھا نے کہا اب وہ کھا پی سکتی ہیں لیکن حد سے زیادہ نہیں۔

بقیہ 45
حکومت پنجاب کی جانب سے دفعہ 144 نافذ العمل ہے۔9 اور 10 محرم کو موبائل فون سروس کی ممکنہ معطلی کے پیش نظر ضلعی کنٹرول روم اور متعلقہ محکموں کے درمیان موثر رابطے کے لیے متبادل انتظامات یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی۔عزاداروں کو بروقت طبی امداد کی فراہمی اور کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو ہمہ وقت تیار رہنے کی ہدایت کی گئی۔آگ پر قابو پانے کیلئے فائر بریگیڈ کی گاڑیوں کیلئے مختلف مقامات پر پانی کا بندوبست کرنے کیلئے محکموں کو ہدایات جاری کی گئیں۔اجلاس میں مزید بتایا گیا کہ ضلعی کنٹرول روم عاشورہ محرم تک چوبیس گھنٹے فعال رہے گا تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری ردعمل کو یقینی بنایا جا سکے۔ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل محمد اسد چانڈیہ نے ایجنڈا نکات کا تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے انتظامات میں مزید بہتری اور اداروں کے مابین رابطہ کاری کو موثر بنانے کے لیے ضروری ہدایات جاری کیں۔

بقیہ 46
خلاف قانونی کارروائی شروع کر سکیں گی۔پریتی زنٹا کا موقف ہے کہ ان کی اجازت کے بغیر تیار کیا جانے والا یہ ڈیجیٹل مواد ان کے شخصیت کے حقوق، کاپی رائٹ اور اخلاقی حقوق کی خلاف ورزی ہے، جبکہ اس سے ان کی ساکھ اور عوامی شخص کو بھی نقصان پہنچ رہا ہے۔اداکارہ کے وکیل روہن کدم نے عدالت میں موقف اختیار کیا کہ مختلف ڈیجیٹل پلیٹ فارمز پر مبینہ طور پر ایسا مواد تخلیق، اپ لوڈ اور پھیلایا گیا جس میں مصنوعی ذہانت کے ذریعے پریتی زنٹا کی شناخت اور شخصیت کو استعمال کیا گیا۔

بقیہ 47
دلکش نظر آرہے ہیں۔دونوں اداکاروں کا ایک ساتھ نظر آنا مداحوں کیلئے انتہائی غیر متوقع ہے، یہی وجہ ہے کہ مداحوں کی جانب سے وائرل ہونے والی تصاویر پر مختلف قسم کے تبصرے بھی کیے جارہے ہیں۔

بقیہ 48
ہے۔اس قرارداد کے تحت سوشل میڈیا کے استعمال کے لیے عمر کی کم سے کم حد 15 سال مقرر کی گئی ہے۔اس حوالے سے مزید بتایا گیا ہے کہ 15 سال سے کم عمر بچوں کو سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر ذاتی اکاؤنٹ بنانے، استعمال کرنے یا چلانے کی اجازت نہیں ہوگی۔

بقیہ 49
گزشتہ کئی دہائیوں سے دیکھ رہے ہیں، اگر وہ واقعی ہونٹوں کو مصنوعی طور پر بڑا کرواتیں تو یہ تبدیلی سب کو فوراً محسوس ہو جاتی، اپنی قدرتی شخصیت اور انداز کو ہی ترجیح دیتی ہیں، میرا اوپر والا ہونٹ پتلا ہے اسے موٹا کرنے کے لئے آؤٹ لائن لگاتی ہوں۔

بقیہ 50
کے فروغ کیلئے انقلابی اقدامات اٹھائے ہیں،وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر سرمایہ کاروں کو ایک چھت تلے سہولیات دی جا رہی ہیں، صنعتی مراکز میں عالمی معیار کا صنعتی انفراسٹرکچر فراہم کیا گیا ہے۔انہوں نے بتایا کہ صنعتکاری کے عمل میں تیزی لانے کیلئے لینڈ لیز پالیسی متعارف کرائی گئی ہے، صنعتی مراکز میں برسوں سے جاری پراپرٹی کے کاروبار کو ہمیشہ کیلئے بند کروا دیا گیا ہے، اب انڈسٹریل سٹیٹس میں حاصل کئے گئے پلاٹ پر 2 سال کے اندر صنعتی یونٹ لگانا لازم ہے۔ملاقات میں بتایا گیا کہ پنجاب میں سازگار ماحول کے باعث سرمایہ کار پنجاب کو ترجیح دے رہے ہیں، پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار فیصل آباد کی انڈسٹریل سٹیٹ میں موبائل فون اور چپ فریم کی مینوفیکچرنگ شروع ہونے جارہی ہے،

بقیہ 51
ہیں۔سہاسنی موولے نے بتایا کہ میں ایک ساتھی اداکار کے مشورے پر فیس بک استعمال کرنے لگی تھی، اسی دوران میری نظر آتل گرتو کی پروفائل پر پڑی، جو اس وقت مشہور سائنسی منصوبے لارج ہیڈرون کولائیڈر پر کام کر رہے تھے۔اداکارہ کے مطابق سائنس میں دلچسپی کی وجہ سے میں نے آتل گرتو کو پیغام بھیجا اور پوچھا کہ ایل ایچ سی کیا ہے، اس کے بعد ہم دونوں کے درمیان میسجز کا تبادلہ شروع ہوا اور رفتہ رفتہ دوستی گہری ہوتی گئی، بعد ازاں آتل گرتو نے زندگی کے ساتھی کی تلاش کا ذکر کیا۔

بقیہ 52
سے رابطہ کر کے بتایا کہ جنگی کارروائیوں، فوجی تعیناتیوں، اسلحہ وگولہ بارود کی دوبارہ خریداری اور دیگر اخراجات کے باعث اضافی مالی وسائل کی ضرورت پیدا ہوگئی ہے۔ذرائع کا کہنا تھا کہ پینٹاگون کے زیر استعمال کئی جدید ہتھیاروں اور میزائل نظاموں کے ذخائر میں نمایاں کمی آئی ہے، جنہیں دوبارہ بھرنے کے لیے بڑے پیمانے پر فنڈز درکار ہوں گے۔امریکی حکام اس بات پر بھی زور دے رہے ہیں کہ عسکری تیاری اور عالمی سطح پر دفاعی صلاحیت برقرار رکھنے کے لیے اسلحہ ذخائر کی فوری بحالی ضروری ہے۔

بقیہ 53
کی خوبصورتی میں اضافہ اور انفراسٹرکچر کی بہتری بتایا جا رہا ہے۔تاہم مقامی دکانداروں اور شہری حلقوں کی جانب سے اس منصوبے پر سنگین نوعیت کے سوالات اٹھائے جارہے ہیں۔اطلاعات کے مطابق میونسپل کارپوریشن کے بعض اہلکاروں کی جانب سے علاقے کی دکانوں سے مبینہ طور پر فی دکان 50 ہزار روپے وصول کیے جانے کے الزامات سامنے آئے ہیں۔دکانداروں کا کہنا ہے کہ انہیں یہ واضح نہیں کیا گیا کہ یہ رقم کس مد میں وصول کی گئی ہے، آیا یہ سرکاری فیس ہے، ترقیاتی چارجز ہیں یا کسی اور قانونی مد سے متعلق ہے۔متاثرہ افراد نے اس صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر واقعی حکومت کی جانب سے بھاری فنڈز جاری کیے گئے ہیں تو پھر دکانداروں سے علیحدہ رقم وصول کرنے کی کیا ضرورت پیش آئی۔شہریوں کا موقف ہے کہ اگر یہ رقوم سرکاری قواعد وضوابط کے تحت وصول کی گئی ہیں تو اس کی مکمل تفصیل اور ریکارڈ عوام کے سامنے لایا جائے، اور اگر یہ وصولیاں غیر قانونی یا غیر مجاز ہیں تو ذمہ دار اہلکاروں کے خلاف فوری قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔عوامی و سماجی حلقوں نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ اس معاملے کی شفاف اور غیر جانبدار تحقیقات کی جائیں تاکہ حقائق سامنے آسکیں اور کسی بھی قسم کی بدعنوانی یا بے ضابطگی کا خاتمہ ممکن ہو سکے۔شہریوں کا مزید کہنا ہے کہ ترقیاتی منصوبے عوامی فلاح کے لیے ہوتے ہیں، نہ کہ عوام پر اضافی بوجھ ڈالنے کے لیے، لہٰذا تمام امور کو شفاف انداز میں چلایا جائے تاکہ عوام کا اعتماد بحال رہ سکے۔

بقیہ 54
ثابت نہیں کرلیتی کہ نشہ کرنے والا شخص اس اسلحے کے باعث دوسروں کے لیے خطرہ بن سکتا ہے، اس وقت تک کسی پر پابندی عائد نہیں کی جاسکتی۔عدالت کے فیصلے سے وفاقی حکومت کے اس قانون کی تشریح محدود ہوگئی ہے۔جس کے تحت کسی بھی ممنوعہ منشیات کے غیر قانونی استعمال کنندہ کے لیے اسلحہ رکھنا جرم تھا اور اس پر 15 سال تک قید کی سزا ہو سکتی تھی۔سپریم کورٹ کے جج نے اکثریتی رائے تحریر کرتے ہوئے کہا کہ صرف غیر قانونی منشیات کا استعمال کسی شخص کو خودکار طور پر خطرناک قرار دینے کے لیے کافی نہیں۔

بقیہ 55
اب وقت ہے کہ اپنی صفوں میں اتحاد مزید مضبوط کیا جائے۔انہوں نے یہ بات پیپلز پارٹی سے تعلق رکھنے والے پارلیمنٹیرینز سے ملاقات کے دوران کہی گورنر نے پارٹی کے اراکین اسمبلی کو گورنر ہاؤس لاہور طلب کر کے پارٹی قیادت کا پیغام پہنچایا اور اسمبلی میں عوامی مسائل اجاگر کرنے کی ہدایات جاری کیں اور چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کا پیغام بھی پہنچایا،ملاقات میں گلگت بلتستان کے سیاسی حالات پر بھی گفتگو ہوئی۔سردار سلیم حیدر کا کہنا تھا کہ اسمبلی میں پیپلز پارٹی کے اراکین کے ساتھ کسی بھی زیادتی کو برداشت نہیں کیا جائے گا، جبکہ عوامی ترقیاتی منصوبوں میں پارٹی کے ارکان اسمبلی کا بھی حق ہے۔

بقیہ 56
میں نئی کا منصوبہ بنایا ہے۔رپورٹ کے مطابق بل پلٹے کے اس اقدام پر ڈیموکریٹ رہنماؤں نے شدید تنقید کی اور ان کی اہلیت پر سوالات اٹھائے ہیں۔کانگریس مین جم ہائمز نے کہا کہ انٹیلی جنس کمیٹی پلٹے کے فیصلے کی سخت نگرانی کرے گی۔اس سے قبل امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اس عہدے پر عارضی تقرری کی تھی جبکہ مستقل تقرری کا معاملہ غیر یقینی صورتحال سے دوچار ہے۔

بقیہ 57
مناسبت سے آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔سیمینار میں اینٹی نارکوٹکس فورس (ANF)، پنجاب کاؤنٹر نارکوٹکس فورس، محکمہ ایکسائز، ٹیکسیشن اینڈ نارکوٹکس کنٹرول، سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال ڈیپارٹمنٹ، آشیانہ ویلفیئر آرگنائزیشن اور سول سوسائٹی نیٹ ورک پاکستان کے نمائندگان نے شرکت کی۔مقررین نے نوجوان نسل کو منشیات کے بڑھتے ہوئے رجحان، اس کے معاشرتی، نفسیاتی، طبی اور قانونی مضمرات سے آگاہ کیا اور اس ناسور کے خاتمے کے لیے حکومتی وغیر حکومتی اداروں کے کردار پر تفصیلی روشنی ڈالی۔پاکستان یوتھ لیگ والنٹیئر فورم کی صدر اور ڈسٹرکٹ اینٹی نارکوٹکس کمیٹی کی رکن مس امبرین عمر علی نے کہا کہ منشیات کے خلاف جنگ صرف قانون نافذ کرنے والے اداروں کی ذمہ داری نہیں بلکہ والدین، اساتذہ، تعلیمی اداروں اور سماجی تنظیموں کو بھی اپنا فعال کردار ادا کرنا ہوگا۔انہوں نے نوجوانوں میں شعور بیدار کرنے اور مثبت سرگرمیوں کے فروغ کی ضرورت پر زور دیا۔

بقیہ 58
نیوز ایجنسی سے گفتگو میں پاکستان کیخلاف ہرزہ سرائی کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ہمارا دوست نہیں ہے، ہم اسے کسی مثبت مذاکراتی فریق کے طور پر نہیں دیکھتے۔ہم یہ دیکھنا چاہتے ہیں کہ دوسرے ممالک آگے بڑھیں، نہ کہ پاکستان جیسا کوئی ملک۔اسرائیلی سفیر کا کہنا تھا کہ ہم پاکستان کو ان ممالک میں شمار نہیں کرتے جنہیں ہم اس عمل کا حصہ بنانا چاہتے ہیں۔

بقیہ 59
ملزم ڈکیتی اور چوری کے متعدد مقدمات میں پولیس کو مطلوب تھا، زخمی ڈاکو کو طبی امداد کیلئے ڈسٹرکٹ ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔حکام نے بتایا کہ مفرور ملزموں کی گرفتاری کیلئے سرچ آپریشن جاری ہے جن کو جلد حراست میں لے لیا جائے گا۔

بقیہ 60
تاہم اسرائیلی فوج جنوبی لبنان میں قائم بفرزون میں اپنی موجودگی برقرار رکھے گی۔دوسری جانب اسرائیل نے خبردار کیا کہ اگر حزب اللہ کی جانب سے دوبارہ حملے ہوئے تو وہ فوری اور سخت ردعمل دے گا۔

بقیہ 61
پے در پے وار کر کے موقع پر ہی موت کے گھاٹ اتار دیا۔پولیس کی ابتدائی واقعاتی رپورٹ کے مطابق، مورخہ 19 جون 2026 کی صبح تقریباً 4:30 بجے سسر نے اپنی بہو کو اپنے نواسے (مقتولہ کے شوہر کے بھانجے) جہانگیر کے ساتھ مبینہ طور پر قابل اعتراض حالت میں دیکھ لیا تھا، جس پر طیش میں آکر انہوں نے یہ انتہائی قدم اٹھایا، جبکہ ملزم جہانگیر اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا۔15 ہیلپ لائن پر اطلاع ملتے ہی پولیس نفری نے فوری طور پر موقع پر پہنچ کر مقتولہ کی لاش کو پوسٹ مارٹم کے لیے ہسپتال منتقل کیا اور واقعاتی رپورٹ مرتب کر کے قانونی کارروائی کا آغاز کرتے ہوئے مفرور ملزم جہانگیر کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارنا شروع کر دیے ہیں۔

بقیہ 62
سامنا ہے، جس کے باعث ایسے فیصلے کیے جاسکتے ہیں جو امن عمل کو متاثر کریں۔انٹیلی جنس رپورٹس، جن میں رواں ہفتے گردش کرنے والی ایک رپورٹ بھی شامل ہے، کے مطابق اسرائیل حزب اللہ کے خلاف لبنان میں فوجی کارروائیاں جاری رکھنے کا ارادہ رکھتا ہے۔امریکی حکام کا کہنا ہے کہ یہ اقدام ایران کے ساتھ ممکنہ معاہدے کے ایک اہم نکتے یعنی تمام محاذوں پر جنگ بندی، کے منافی ہو سکتا ہے۔

بقیہ 63
میں قتل کر دیا گیا۔ذرائع کے مطابق مقتول اپنے چچا کے ہمراہ رکشے سے گھر جا رہا تھا کہ کچھ مسلح افراد نے اس کا تعاقب کیا اور دوڑا کر فائرنگ کر کے موت کے گھاٹ اتار دیا۔واقعے کے وقت مقتول کے دو معصوم بچے بھی اس کے ساتھ موجود تھے جن میں ایک آٹھ ماہ کا شیر خوار بچہ شامل تھا۔مقامی ذرائع کا کہنا ہے کہ واقعے کے دوران بچوں کو بھی تشدد اور خوف کا سامنا کرنا پڑا، جس نے اس سانحے کو مزید المناک بنا دیا۔شوہر عظیم خان کے مطابق ان کی اہلیہ بے گناہ تھی اور اس پر لگائے گئے الزامات کی کوئی حقیقت نہیں تھی۔ان کا کہنا ہے کہ ان کی بیوی کو ظلم و زیادتی کا نشانہ بنایا گیا اور انہیں انصاف فراہم کیا جانا چاہیے۔اس واقعے نے قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارکردگی پر بھی سوالات کھڑے کر دیے ہیں۔عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ اتنے سنگین واقعے کے باوجود فوری اور موثر کارروائی سامنے نہیں آئی، جس سے متاثرہ خاندان میں شدید بے چینی پائی جاتی ہے۔متاثرہ خاندان اور شہریوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب سے مطالبہ کیا ہے کہ اس افسوسناک واقعے کا فوری نوٹس لیا جائے، ذمہ دار عناصر کو گرفتار کر کے قانون کے مطابق سزا دی جائے اور متاثرہ خاندان کو انصاف فراہم کیا جائے۔عوام کا کہنا ہے کہ امن و امان، شہریوں کا تحفظ اور انصاف کی فراہمی ریاست کی اولین ذمہ داری ہے، اور ایسے واقعات کو نظر انداز کرنا معاشرے میں بے چینی اور عدم تحفظ کو جنم دیتا ہے۔

بقیہ 64
ممبران نے عدالت کا دروازہ کھٹکھٹایا تھا۔جبکہ دوسری طرف اگست 2026 میں ہونے والے سینڈیکیٹ نے سلیکشن بورڈ کے فیصلوں کی منظوری نہیں دی تھی اور انتظامیہ کو فیکلٹی ممبران کی رپورٹس پیش کرنے کو کہا تھا جس پر انتظامیہ میں اگلی سینڈیکیٹ میٹنگ میں رپورٹس پیش کرنے وعدہ کیا تھا۔دس ماہ کے انتظار اور بار بار توہین عدالت کے نوٹس ملنے پر اب جا کر سینڈیکیٹ کی میٹنگ بلائی گئی۔جس میں پہلے ہی کیس کی جب رپورٹس پیش کی گئی تو پتہ چلا کہ چوتھے اور پانچویں نمبر پر آنے والے فیکلٹی ممبرز کو تو سلیکٹ کر لیا گیا تھا مگر دوسرے نمبر پر آنے والے کو ریجیکٹ کر کے دو سیٹیں خالی چھوڑ دی گئیں تھیں۔سینڈیکیٹ ممبران نے وائس چانسلر کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے سلیکشن بورڈ کے فیصلوں پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے سلیکشن بورڈز کے فیصلے سے کھل کر اتفاق کیا اور محروم کیے جانے والے تمام فیکلٹی ممبران کے کیسز کو یونیورسٹی چانسلر/ گورنر پنجاب کو بھیجنے کا فیصلہ دیا۔مزید سینڈیکیٹ ممبران نے ڈسکشن کرتے ہوئے وائس چانسلر اور رجسٹرار کو واضح ہدایات دیں کہ آئندہ ایسی بورڈ میں اس طرح بڑے پیمانے پر بے ضابطگیاں قابل قبول نہیں ہوں گی۔جبکہ ایشیاء ذرائع کے مطابق کیس چانسلر کو بھجوانے کا فیصلہ ہوا ہے۔جس کے بعد فیصلہ کیا جائے گا کہ آئندہ سلیکشن بورڈز میں وائس چانسلر اکیلا فیصلہ سنانے کی بجائے سلیکشن بورڈ ممبران کی مشاورت سے غیر جانبدار اور میرٹ پر فیصلے کرے

بقیہ 65
سہارا نہیں ہوتی ہے۔یہ سب رانا اصغر کی ذاتی کاوش اور درددل کا نتیجہ ہے۔سیاست برائے خدمت رانا اصغر کہتے ہیں کہ سیاست میرا پیشہ نہیں،میری عبادت ہے۔کرسی ملے یا نہ ملے، میں نے عوام کے درمیان ہی رہنا ہے۔نکاسی آب، ٹوٹی سڑکیں، صاف پانی اور صحت کی سہولیات کے لیے وہ ہمیشہ آواز اٹھاتے ہیں انکا دل امیر غریب سب کے لیے برابر ہے۔کردار کی گواہی سچ بولنا، وعدہ نبھانا اور مظلوم کا ساتھ دینا رانا اصغر کی پہچان ہے۔بڑے بڑے دباؤ کے باوجود حق بات سے پیچھے نہیں ہٹتے۔یہی وجہ ہے کہ نوجوان، بزرگ، کسان سب انہیں اپنا سمجھتے ہیں وژن احمد موہانہ کو ایک ایسی یونین کونسل بنانا جہاں کوئی یتیم بھوکا نہ سوئے،کوئی بزرگ دوائی کو نہ ترسے،اور ہر گلی صاف اور روشن ہو رانا اصغر کا پیغام میں ووٹ مانگنے نہیں، آپ کا حق مانگنے آیا ہوں۔تجمل فاؤنڈیشن سے جو خدمت اکیلے کی، ان شاء اللہ چیئرمین بن کر پوری یو سی کے لیے کروں گا۔فیصلہ آپ کا،خدمت میری۔

بقیہ 66
ہے محمد جنید انوار چوہدری نے اس کامیابی کا سہرا کے پی ٹی کے افسران اور کارکنان کی انتھک محنت، آپریشنل استعداد میں اضافے اور حکومت کی جانب سے بحری انفراسٹرکچر کو مضبوط بنانے کے عزم کو دیا۔انہوں نے کہا کہ یہ ریکارڈ پورٹ انتظامیہ اور حکومت کی مشترکہ کوششوں کا نتیجہ ہے۔چیئرمین کراچی پورٹ ٹرسٹ ایڈمرل شاہد احمد نے کہا کہ یہ کارکردگی بندرگاہ کے بڑھتے ہوئے تجارتی حجم کو سنبھالنے اور قومی اقتصادی اہداف کے حصول میں معاونت کی صلاحیت کا واضح ثبوت ہے۔

بقیہ 67
جون سے 9 جولائی 2026 تک نافذ رہے گی اور یہ ان تمام افراد پر لاگو ہوگی جو پہلے اوور اسٹے جرمانوں سے مستثنیٰ تھے مگر حالات کی وجہ سے یو اے ای چھوڑ نہیں سکے تھے۔اتھارٹی کے مطابق اس اقدام کا مقصد قانون پر عملدرآمد کو بہتر بنانا اور متاثرہ افراد کو اپنی حیثیت درست کرنے کا موقع دینا ہے۔اس دوران جو افراد یو اے ای میں رہنا چاہتے ہیں وہ اپنے رہائشی یا روزگار کے کاغذات اپ ڈیٹ کر سکتے ہیں، جبکہ واپس جانے والے افراد بغیر کسی اضافی کارروائی کے روانہ ہو سکتے ہیں۔بیان میں کہا گیا کہ ماضی میں دی گئی چھوٹ انسانی ہمدردی کی بنیاد پر تھی، جو ہنگامی صورتحال میں مسافروں اور رہائشیوں کے لئے دی گئی تھی۔آئی سی پی نے واضح کیا کہ اب خطے میں حالات معمول پر آنے کے بعد یہ استثنیٰ ختم کیا جا رہا ہے۔ساتھ ہی شہریوں اور رہائشیوں کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ صرف سرکاری ذرائع سے معلومات حاصل کریں۔

بقیہ 68
نے بتایا کہ ایک کارروائی میں 227 گرام وزنی 70 ہیروئن بھرے کیپسولز جبکہ دوسری کارروائی کے دوران 558 گرام وزنی 84 ہیروئن بھرے کیپسولز بھی قبضے میں لیے گئے۔اے این ایف حکام کے مطابق گرفتار ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ 1997 کے تحت مقدمات درج کر کے مزید تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 69
ایک سے زائد اکاؤنٹس کیلئے ایک ہی پاس ورڈ استعمال کرنے سے گریز کریں۔مختصر اور آسان پاس ورڈز سائبر خطرات میں اضافے کا سبب بن سکتے ہیں۔ذاتی معلومات کو پاس ورڈ کے طور پر استعمال نہ کریں،نام، تاریخ پیدائش یا 1234 جیسے آسان نمبرز کو پاس ورڈ بنانے سے اجتناب کریں، اپنا پاس ورڈ کسی کے ساتھ شیئر نہ کریں، پاس ورڈز کو باقاعدگی سے تبدیل کریں۔پی ٹی اے اعلامیے میں ہدایت کی گئی ہے کہ فنگر پرنٹ یا چہرے کی شناخت جیسے بائیو میٹرک فیچر کو ترجیح دیں، مضبوط پاس ورڈ، محفوظ ڈیجیٹل مستقبل کی ضمانت ہے، ڈیجیٹل سیکیورٹی بہتر بنانے کیلئے شہری پی ٹی اے کی ہدایات پر عمل کریں۔

ڈی جی خان غیر ملکی شہریوں، حساس تنصیبات کو فول پروف سیکیورٹی دی جائے، کمشنر

کمشنر اشفاق احمد چوہدری کی زیرصدارت ڈویژنل انٹیلی جنس کمیٹی کا اہم اجلاس، متعلقہ محکموں کے افسران کی شرکت

سوشل میڈیا کی مسلسل مانیٹرنگ، وال چاکنگ کے خاتمے اور نفرت انگیز تقاریر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے

ڈیرہ غازی خان (ڈویژنل بیورو چیف) کمشنر ڈیرہ غازی خان ڈویژن اشفاق احمد چوہدری کی زیر صدارت ڈویژنل انٹیلی جنس کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں پنجاب۔خیبر پختونخوا بارڈر پر سیکورٹی اقدامات، امن و امان کی مجموعی صورتحال، محرم الحرام کے سیکورٹی انتظامات اور حساس مقامات کے تحفظ کے حوالے سے تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اجلاس میں ریجنل پولیس آفیسر محمد اظہر اکرم، ڈویژن کے تمام ڈپٹی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)



ڈیرہ غازیخان، کمشنر اشفاق احمد چوہدری اور آر پی او محمد اظہر اکرم ڈویژنل انٹیلی جنس کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ڈی جی خان میونسپل کارپوریشن کا بیوٹیفکیشن منصوبہ، دکانداروں سے ماہانہ 50 ہزار روپے وصولی

میونسپل کارپوریشن کے بعض اہلکاروں کی جانب سے علاقے کی دکانوں سے مبینہ طور پر فی دکان 50 ہزار روپے وصول کیے جانے کے الزامات سامنے آئے ہیں

اور اگر یہ وصولیاں غیر قانونی یا غیر مجاز ہیں تو ذمہ دار اہلکاروں کے خلاف فوری کارروائی عمل میں لائی جائے، شہری

ڈیرہ غازی خان (سٹی رپورٹر): میونسپل کارپوریشن کے بیوٹیفکیشن منصوبے پر سوالات، دکانداروں سے مبینہ 50 ہزار روپے وصولی، تحقیقات کا مطالبہ، تفصیلات کے مطابق ڈیرہ غازی خان میں میونسپل کارپوریشن آفس کے اطراف جاری بیوٹیفکیشن منصوبہ اس وقت شہریوں اور دکانداروں کی توجہ کا مرکز بن گیا ہے۔پنجاب حکومت کی جانب سے مبینہ طور پر 8 سے 10 کروڑ روپے کی خطیر رقم اس منصوبے کے لیے مختص کی گئی ہے، جس کا مقصد شہر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)



لاہور، بادشاہی مسجد میں نماز جمعہ کی ادائیگی کے موقع پر پولیس اہلکار الرٹ کھڑے ہیں

INTERNATIONAL انٹرنیشنل

پینٹاگون کو ایران جنگ کے اخراجات کی بحالی کیلئے 80 ارب ڈالر درکار

ایران جنگ کے آغاز کے بعد سے امریکی فوجی اخراجات تیزی سے بڑھے ہیں، رپورٹ

واشنگٹن (پینا نیوز) امریکی محکمہ دفاع پینٹاگون نے کانگریس کے ارکان کو آگاہ کیا ہے کہ اسے ایران جنگ کے اخراجات اور دیگر متعلقہ مالی ضروریات پوری کرنے کے لیے تقریبا 80 ارب ڈالر کے اضافی فنڈز درکار ہیں۔میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ انکشاف امریکی اخبار کی ایک رپورٹ میں کیا گیا، جسے بعد میں خبر رساں ادارے رائٹرز نے بھی رپورٹ کیا۔رپورٹ کے مطابق نائب وزیر دفاع اسٹیفن فینبرگ نے حالیہ دنوں میں قانون سازوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

امریکا، سپریم کورٹ نے چرسیوں کو اسلحہ رکھنے کی اجازت دیدی

ٹیکساس میں ماریجوانا استعمال کرنے والے اب اسلحہ رکھ سکتے ہیں، عدالت کا فیصلہ

واشنگٹن (پینا نیوز) امریکی سپریم کورٹ نے بعض چرس استعمال کرنے والوں کو اسلحہ رکھنے کی اجازت دیدی جس کے بعد وفاق کی جانب سے عائد پابندی خود بخود محدود ہوگئی۔عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی سپریم کورٹ نے ایک متفقہ (0-9) فیصلے میں قرار دیا ہے کہ صرف اس بنیاد پر کسی شخص کو اسلحہ رکھنے سے نہیں روکا جاسکتا کہ وہ غیر قانونی طور پر چرس (ماریجوانا) استعمال کرتا ہے۔فیصلے میں کہا گیا ہے کہ حکومت جب تک یہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

امریکی انٹیلی جنس سے سیکڑوں ملازمین نکالنے کا منصوبہ تیار

بل پلٹے کے اس اقدام پر ڈیموکریٹ رہنماؤں کی شدید تنقید، اہلیت پر سوالات اٹھائے، رپورٹ

واشنگٹن (پینا نیوز) امریکا کے قائم مقام ڈائریکٹر آف نیشنل انٹیلی جنس (ڈی این آئی) بل پلٹے نے ادارے سے سیکڑوں ملازمین کو نکالنے کا منصوبہ بنالیا۔امریکی نشریاتی ادارے سی این این کی رپورٹ کے مطابق بل پلٹے نے عہدہ سنبھالتے ہی تمام ملازمین کی فہرست طلب کی تاکہ ممکنہ برطرفیوں کا جائزہ لیا جاسکے۔رپورٹ کے مطابق ڈی این آئی نے گزشتہ روز ادارے کا دورہ کیا اور عملے اور قانونی مشیروں سے اس معاملے پر ملاقات کی۔رپورٹ کے مطابق ڈی این آئی نے ادارے میں بڑے پیمانے پر ملازمین کی برطرفیوں اور افرادی قوت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

پاکستان کو کسی مثبت مذاکراتی فریق کے طور پر نہیں دیکھتے، اسرائیلی سفیر

ہم یہ دیکھنا چاہتے ہیں کہ دوسرے ممالک آگے بڑھیں، نہ کہ پاکستان جیسا کوئی ملک، گفتگو

نئی دہلی (پینا نیوز) ایران امریکا امن معاہدے کو ناکام بنانے کے لیے یہود و ہنود کا گٹھ جوڑ ایک بار پھر دنیا کے سامنے آ گیا۔میڈیا رپورٹس کے مطابق ایران امریکا جنگ بندی اور امن معاہدے میں پاکستان کی سفارتی کامیابی پر بھارتی اور اسرائیلی قیادت کی بے چینی واضح ہے۔بھارت اور اسرائیل ابتدا ہی سے پاکستان کی دنیا کو جنگ کے شعلوں سے بچانے کی کوششوں کو ناکام بنانے کے لیے سرگرم رہے۔بھارت میں تعینات اسرائیلی سفیر کی حالیہ گفتگو نے بھارت اور اسرائیل کے مذموم عزائم کو بے نقاب کردیا ہے۔اسرائیلی سفیر نے بھارتی قیادت کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)

اسرائیل اور حزب اللہ نے جنگ بندی پر اتفاق کرلیا

اسرائیلی فوج جنوبی لبنان میں قائم بفرزون میں اپنی موجودگی برقرار رکھے گی

واشنگٹن (پینا نیوز) اسرائیل اور حزب اللہ نے جنگ بندی پر اتفاق کرلیا ہے۔سینئر امریکی عہدیدار کے مطابق جنگ بندی کا اطلاق لبنان کے مقامی وقت کے مطابق شام 4 بجے سے ہونا تھا، اسرائیل اور حزب اللہ اب جنگ بندی کی حالت میں ہیں۔ایک سینئر امریکی عہدیدار کے مطابق جنگ بندی کے معاہدے میں امریکا اور قطر نے ثالثی کا کردار ادا کیا، امریکا نے اسرائیل کے ساتھ جبکہ قطر نے ایران کے ساتھ رابطوں کے ذریعے مذاکرات کو آگے بڑھایا۔ایک اسرائیلی ذریعے نے عبرانی میڈیا کو تصدیق کی کہ جنگ بندی نافذ ہوچکی ہے، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 60)

اسرائیل ایران امن معاہدے کو سبوتاژ کرسکتا ہے، امریکی انٹیلی جنس

اسرائیل صدر ٹرمپ کے مجوزہ امن منصوبے کی بعض شرائط سے مطمئن نہیں

واشنگٹن (پینا نیوز) امریکی انٹیلیجنس اداروں نے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ کو خبردار کیا ہے کہ اسرائیل ایران کے ساتھ ممکنہ امن معاہدے کو سبوتاژ کرنے کی کوشش کرسکتا ہے۔امریکی اخبار واشنگٹن پوسٹ کی رپورٹ کے مطابق امریکی انٹیلی جنس جائزوں میں خدشہ ظاہر کیا گیا ہے کہ اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو ایسے اقدامات کرسکتے ہیں جو ایران کے ساتھ دیرپا امن معاہدے کے لیے امریکی کوششوں کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔حکام کے مطابق اسرائیلی قیادت کو لبنان میں جاری کشیدگی اور جنگی صورتحال کے حوالے سے اندرونی سیاسی دباؤ کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 62)

صحابہ کرامؓ و اہلِ بیتِ اطہارؓ کی محبت ایمان کا بنیادی جزو ہے، علمائے کرام

تحفظ ناموسِ رسالت محاذ کے زیراہتمام 21 جون کو عظمتِ صحابہؓ و اہلِ بیتؓ مارچ منعقد ہوگا

مارچ صبح 9 بجے لاہور پریس کلب سے شروع ہوکر وزیراعلیٰ ہاؤس تک جائے گا، ترجمان

لاہور (پینا نیوز) تحفظ ناموسِ رسالت محاذ لاہور کے زیراہتمام 21 جون بروز اتوار "عظمتِ صحابہؓ و اہلِ بیتؓ مارچ" منعقد ہوگا۔مارچ صبح 9 بجے لاہور پریس کلب سے شروع ہوکر وزیراعلیٰ ہاؤس تک جائے گا جس میں علمائے کرام، مشائخ عظام، مذہبی و (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

طالبان رجیم میں افغانستان دہشتگردوں کی پناہ گاہ بن گیا، کالعدم داعش کا ایک اور سرغنہ گرفتار

کابل (پینا نیوز) طالبان رجیم میں افغانستان دہشت گردوں کی محفوظ پناہ گاہ بن چکا ہے، جہاں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

تعلیمی معیار، تحقیق اور داخلوں میں اضافہ ترجیح، وائس چانسلر کا فیکلٹی کو متحرک کردار ادا کرنے کی ہدایت

ملتان (ایجوکیشن رپورٹر) ویمن یونیورسٹی ملتان میں نئے تعلیمی سیشن کے لئے خصوصی داخلہ مہم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

گلگت بلتستان میں پیپلز پارٹی حکومت بنائے گی، گورنر پنجاب

بلاول بھٹو جلد عوامی مینڈیٹ کے ذریعے ملک کے وزیراعظم ہوں گے

پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوام کے حقوق کیلئے جدوجہد کی، یہ سفر آئندہ بھی جاری رہے گا

لاہور (پینا نیوز) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ گلگت بلتستان میں پیپلز پارٹی حکومت بنائے گی، پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوام کے حقوق کیلئے جدوجہد کی ہے اور یہ سفر آئندہ بھی جاری رہے گا، پارٹی نے جمہوریت کے لئے تاریخی قربانیاں دی ہیں، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

کمشنر عامر کریم کا گھنٹہ گھر سے حسین آگاہی بازار تک جاری بیوٹیفکیشن اسکیم کا دورہ

تمام کام مقررہ مدت کے اندر اعلیٰ معیار کے ساتھ مکمل کیے جائیں تاکہ یہ منصوبہ ملتان کی خوبصورتی میں نمایاں اضافہ ثابت ہو

ملتان (نامہ نگار) کمشنر ملتان عامر کریم خاں نے گھنٹہ گھر سے حسین آگاہی بازار تک جاری بیوٹیفکیشن اسکیم کا دورہ کیا اور منصوبے پر جاری ترقیاتی و بحالی کے کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا۔انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ منصوبہ ہر صورت 30 جولائی تک مکمل کیا جائے تاکہ شہری جلد از جلد اس منصوبے کے ثمرات سے مستفید ہوسکیں۔کمشنر عامر کریم خاں نے منصوبے میں اعلیٰ معیار کو یقینی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)



ملتان، کمشنر عامر کریم خاں گھنٹہ گھر تا حسین آگاہی بیوٹیفکیشن منصوبے بارے بریفنگ لے رہے ہیں

نوجوان نسل کو منشیات جیسے ناسور سے محفوظ رکھنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، مقررین

مقررین نے نوجوان نسل کو منشیات کے بڑھتے ہوئے رجحان، اس کے معاشرتی، نفسیاتی، طبی اور قانونی مضمرات سے آگاہ کیا

ملتان (سٹی رپورٹر) محمد نواز شریف زرعی یونیورسٹی میں ڈائریکٹوریٹ آف اسٹوڈنٹس افیئرز اور اسٹوڈنٹ کونسل کے زیر اہتمام، پاکستان یوتھ لیگ والنٹیئر فورم کے اشتراک سے منشیات کے استعمال اور غیر قانونی اسمگلنگ کے خلاف عالمی دن کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)



ملتان، ایم این ایس زرعی یونیورسٹی میں منشیات کے استعمال اور غیرقانونی سمگلنگ کے خلاف عالمی دن کی مناسبت سے منعقدہ سیمینار سے شرکاء خطاب کر رہے ہیں

وفاقی وزیر خزانہ کی زیر صدارت اہم اجلاس میں مختلف سمریوں پر غور

اسلام آباد (پینا نیوز) کمیٹی برائے سرکاری ملکیتی ادارہ جات نے پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن کے بورڈ آف ڈائریکٹرز میں آزاد ڈائریکٹرز کی تقرریوں کی منظوری دیدی۔اجلاس جمعہ کو یہاں وفاقی وزیر برائے خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب کی زیرصدارت منعقد ہوا، اجلاس میں وزیر تجارت جام کمال خان، وفاقی وزیر سائنس و ٹیکنالوجی خالد حسین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

دودھ فروش دوکاندار کا پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ٹیم پر حملہ

ساہیوال (بیورو چیف) چونگی نمبر 39 چیچہ وطنی میں دودھ فروش دوکانداروں کا پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ٹیم پر مسلح افراد کا حملہ، کارسرکار میں مداخلت قتل کی دھمکیاں مقدمہ درج ایک دوکاندار طلحہ گرفتار تفصیلات کے مطابق محمد اعجاز نواز ڈپٹی ڈائریکٹر پنجاب فوڈ اتھارٹی کی قیادت میں ایک ٹیم نے عائقہ شبیر محمد امین اور روف الرحمن محمد تحسین اور محمد ریاض (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

بہاولنگر، CCD سے مبینہ مقابلہ، 1 ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار، 2 فرار

بہاولنگر (سٹی رپورٹر) بہاولنگر کے علاقہ قدیر آباد روڈ پر سی سی ڈی سے مبینہ مقابلہ میں ایک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار جبکہ 2 فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔سی سی ڈی حکام نے بتایا کہ ملزم کے قبضہ سے چھینی گئی موٹر سائیکل اور ناجائز اسلحہ بھی برآمد کرلیا گیا ہے، ملزم کی محمد نعیم عرف نعیمی کھرل کے نام سے شناخت ہوئی ہے۔سی سی ڈی حکام نے بتایا کہ گرفتار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 59)

ملتان، سرکاری نادہندگان کے خلاف کارروائیاں مزید موثر بنانے کا حکم

ڈپٹی کمشنر نعمان صدیق کی زیرصدارت اجلاس میں سرکاری واجبات کی وصولی، ریونیو اہداف اور محکمہ وار کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

ریونیو بڑھانے اور سرکاری ریکوری کے اہداف حاصل کرنے کے لیے نئی حکمت عملی اور جامع پلان تشکیل دیا جائے، ڈی سی

ملتان (نامہ نگار) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر سرکاری واجبات کی وصولی اور ریونیو میں اضافے کے لیے ضلعی انتظامیہ نے اقدامات تیز کردیے ہیں۔اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر محمد نعمان صدیق کی زیر صدارت ضلعی محکموں کی کارکردگی جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔اجلاس میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)



ملتان، ڈپٹی کمشنر نعمان صدیق ضلعی محکموں کی کارکردگی بارے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ملتان میں غیرت کے نام پر سسر کے ہاتھوں بہو قتل، پولیس کی کارروائی جاری

سسر نے اپنی بہو کو اپنے نواسے (مقتولہ کے شوہر کے بھانجے) جہانگیر کیساتھ مبینہ طور پر قابل اعتراض حالت میں دیکھ لیا تھا

ملزم جہانگیر اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے موقع سے فرار، مقتولہ کی لاش کو پوسٹ مارٹم کے لیے ہسپتال منتقل

ملتان (کرائم رپورٹر) تھانہ مخدوم رشید (سرکل نیو ملتان) کی حدود ڈوگر چوک، حسن آباد اسٹریٹ نمبر 2 میں غیرت کے نام پر قتل کی ایک لرزہ خیز واردات پیش آئی ہے، جہاں سسر نذر محمد نے مبینہ تعلقات کے شبہ میں اپنی نوجوان بہو مسماۃ عروشہ (دختر امانت اللہ، قوم بھٹہ) کو کلہاڑی کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 61)



وزیر اعظم کے مشیر برائے نجکاری محمد علی نجکاری کمیلیون بورڈ کی میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں

SHOWBIZ شوبز

وزن کم ہونے کی وجہ یہ ہے میں زیادہ کھا نہیں سکتی، سمانتھا رتھ پرابھو

مجھے بیماری کی وجہ سے دو سال تک فلموں سے وقفہ لینا پڑا، معروف اداکارہ



ممبئی (پینا نیوز) ساؤتھ کی معروف اداکارہ سمانتھا رتھ پرابھو نے اپنے وزن کم ہونے سے متعلق مسلسل سوالات پر کہا ہے کہ میں زیادہ کھانا نہیں کھا سکتی۔ 39 سالہ پرکشش اداکارہ نے اپنی آنے والی فلم ما انتی بنگارم کی پروموشن کے دوران اپنے آٹو امیون بیماری مایوسائٹس کے ساتھ اپنی جدوجہد کے بارے میں بھی بات کی۔انکا کہنا تھا کہ اس بیماری کی وجہ سے انہیں دو سال تک فلموں سے وقفہ لینا پڑا، وزن میں کمی کے بارے میں لوگوں کے مسلسل سوالات کا بھی ذکر کیا۔انھوں نے کہا دو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

ڈیرہ غازیخان، مبینہ زیاکاری کا الزام، بچوں کے سامنے خاتون قتل

واقعے کے وقت مقتولہ کے دو معصوم بچے بھی اس کے ساتھ موجود تھے جن میں ایک آٹھ ماہ کا شیر خوار بچہ شامل تھا

ڈیرہ غازی خان (سٹی رپورٹر) بارکھان میں لاقانونیت عروج پر، پولیس مسائل سے چشم پوشی کرتے ہوئے ایک ہی الیکری فقیر، شوہر کے سامنے بیوی پر تشدد، نوٹس لینے والا کوئی نہیں بارکھان میں خاتون کا قتل، معصوم بچوں کے سامنے انسانیت سوز واقعہ، انصاف کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق بارکھان کے علاقے اچڑی میں گزشتہ روز ایک افسوناک اور دل دہلا دینے والا واقعہ پیش آیا جہاں زیراں بی بی زوجہ عظیم خان کو مبینہ طور پر زیاکاری کے الزام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 63)



ملتان: میپکو ریجن کے زیرانتظام علاقوں میں شدید طوفان باد و باراں سے زمین بوس ہونے والی بجلی تنصیبات

BZU، 2025 میں ہونیوالے دونوں سلیکشن بورڈز میں غیر قانونی فیصلے، بے ضابطگیوں ثابت

بہاؤالدین زکریا ملتان میں 19 اپریل 2025 اور 12 جولائی 2025 کو ہونے والے سلیکشن بورڈز میں 14 ٹی ٹی ایس کیسز ڈیفر کردیئے گئے تھے

ملتان (ایجوکیشن رپورٹر) بہاؤ الدین زکریا یونیورسٹی ملتان کا سینڈیکیٹ اجلاس، 2025 میں ہونے والے دونوں سلیکشن بورڈز میں غیر قانونی فیصلے اور بے ضابطگیوں ثابت، تفصیل کے مطابق بہاؤالدین زکریا ملتان میں 19 اپریل 2025 اور 12 جولائی 2025 کو ہونے والے سلیکشن بورڈز میں 14 ٹی ٹی ایس کیسز ڈیفر کردیئے گئے تھے جبکہ بی پی ایس ایسوسی ایٹ پروفیسر اور پروفیسر کی 13 سیٹیں خالی چھوڑ دی گئیں تھیں جس پر 8 فیکلٹی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 64)



وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی پاسپورٹ اینڈ امیگریشن ہیڈکوارٹرز میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پریتی زنٹا کو ڈیپ فیک مواد کے معاملے پر عدالتی محاذ میں بڑی کامیابی مل گئی

یہ ڈیجیٹل مواد ان کے شخصیت کے حقوق، کاپی رائٹ اور اخلاقی حقوق کی خلاف ورزی ہے



ممبئی (پینا نیوز) بالی ووڈ اداکارہ اور کاروباری شخصیت پریتی زنٹا کو مصنوعی ذہانت سے تیار کردہ ڈیپ فیک مواد کے خلاف بڑی قانونی پیش رفت حاصل ہوگئی ہے۔ممبئی ہائیکورٹ نے انہیں گوگل، میٹا، ایکس سمیت دیگر ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کے خلاف مقدمہ دائر کرنے کی اجازت دے دی ہے۔بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق جسٹس ابھے آہوجا نے پریتی زنٹا کی درخواست پر حکم جاری کرتے ہوئے انہیں عدالت سے رجوع کرنے کی اجازت دی، جس کے بعد اداکارہ اے آئی سے تیار کردہ ویڈیوز، تبدیل شدہ تصاویر، میمز، اے آئی چیٹ بوٹ شخصیات اور دیگر آن لائن مواد کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل کی زیرصدارت ڈسٹرکٹ ایمرجنسی بورڈ کا اجلاس

محرم الحرام، ممکنہ سیلابی صورتحال و دیگر واقعات سے نمٹنے کیلئے انتظامات کا جائزہ لیا گیا

ڈیرہ غازی خان (ڈویژنل بیورو چیف) ڈپٹی کمشنر آفس ڈی جی خان میں ڈسٹرکٹ ایمرجنسی بورڈ کا اجلاس منعقد ہوا جس کی صدارت ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل محمد اسد چانڈیہ نے کی۔اجلاس میں محرم الحرام، ممکنہ سیلابی صورتحال اور آتشزدگی کے واقعات سے نمٹنے کے لیے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔سیکرٹری کمیٹی و ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ریسکیو 1122 انجینئر احمد کمال نے ایجنڈا نکات پر بریفنگ دیتے ہوئے محرم الحرام کے دوران حفاظتی اقدامات، ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کی تیاریوں اور متعلقہ محکموں کی ذمہ داریوں سے آگاہ کیا۔اجلاس میں چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر عتیق الرحمن، روہی مہناز اور مختلف محکموں کے افسران نے شرکت کی۔اجلاس کو بتایا گیا کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

"نجی فاؤنڈیشن" کے ذریعے اندھیروں میں روشنی بانٹ رہا ہے، رانا اصغر

کردار کی گواہی سچ بولنا، وعدہ نبھانا اور مظلوم کا ساتھ دینا رانا اصغر کی پہچان ہے، گفتگو



مظفر گڑھ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) رانا اصغر امیدوار چیئرمین، یونین کونسل احمد موہانہ رانا اصغر صرف ایک سیاسی نام نہیں، احمد موہانہ کی عوام کے لیے ایک امید ہیں۔حق اور سچ کے ساتھ ڈٹ جانے والا یہ نوجوان 2015 سے "نجی فاؤنڈیشن" کے ذریعے اندھیروں میں روشنی بانٹ رہا ہے۔نجی فاؤنڈیشن - 2015 سے خدمت کا سفر یتیم بچوں کی تعلیم، بیواؤں کا راشن، بزرگوں کی دوائی اور غریب گھرانوں کی بیٹیوں کی شادیوں میں مدد۔نجی فاؤنڈیشن پچھلے 9 سال سے بغیر کسی لالچ کے دکھی انسانیت کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 65)

کراچی پورٹ نے کنٹینر ہینڈلنگ کا اپنا ہی ریکارڈ توڑ دیا، جنید انور

ریکارڈ پورٹ انتظامیہ، حکومت کی مشترکہ کوششوں کا نتیجہ، وزیر بحری امور کا بیان

اسلام آباد (پینا نیوز) وفاقی وزیر بحری امور محمد جنید انوار چوہدری نے کہا ہے کہ کراچی پورٹ ٹرسٹ (کے پی ٹی) نے رواں مالی سال کے اختتام سے قبل ہی کنٹینر ہینڈلنگ کا نیا ریکارڈ قائم کرتے ہوئے 26 لاکھ 51 ہزار ٹی ای یوز سے زائد کنٹینرز ہینڈل کیے ہیں۔جمعہ کو جاری بیان میں وفاقی وزیر نے کہا کہ کراچی پورٹ نے گزشتہ سال کے 26 لاکھ 51 ہزار ٹی ای یوز کے ریکارڈ کو عبور کرتے ہوئے ملکی تاریخ میں سب سے زیادہ کنٹینر ہینڈلنگ کا اعزاز حاصل کرلیا ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ کامیابی مالی سال کے اختتام سے چند ہفتے قبل حاصل کی گئی، جو پاکستان کے بحری شعبے پر بڑھتے ہوئے اعتماد اور بندرگاہی کارکردگی میں نمایاں بہتری کی عکاس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 66)

سارہ علی خان کی ہنری کیول کیساتھ تصاویر دیکھ کر مداح حیران

تصاویر میں سارہ علی خان سفید رنگ کا اسٹائلش سوٹ پہنے، بہت خوبصورت لگ رہی ہیں



ممبئی (پینا نیوز) بالی ووڈ اداکارہ سارہ علی خان کی سپرمین کا کردار ادا کرنے والے برطانوی اداکار ہینری کیول کے ساتھ تصاویر دیکھ کر مداح دنگ رہ گئے۔میڈیا رپورٹ کے مطابق سارہ علی خان نے انگلینڈ میں منعقد ہونیوالے 5 روزہ ہارس رینگ فیسٹیول رائل سکوٹ میں شرکت کی جہاں ان کی ملاقات برطانوی اداکار ہینری کیول سے ہوئی۔سوشل میڈیا پر دونوں اداکاروں کی ملاقات کی تصاویر وائرل ہورہی ہیں۔تصاویر میں سارہ علی خان سفید رنگ کا اسٹائلش سوٹ پہنے بہت خوبصورت لگ رہی ہیں اور ہینری کیول بھی کلاسک کوٹ سوٹ پہنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

یو اے ای، 15 سال سے کم عمر بچوں کے سوشل میڈیا استعمال کرنے پر پابندی

سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کو 15 سال سے کم عمر بچوں کے بنائے گئے اکاؤنٹس کی نگرانی کرکے انہیں بند کرنا ہوگا

15 سال سے کم عمر بچوں کو سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر ذاتی اکاؤنٹ بنانے، استعمال کرنے یا چلانے کی اجازت نہیں ہوگی

دبئی (نیٹ نیوز) متحدہ عرب امارات نے 15 سال سے کم عمر بچوں کے سوشل میڈیا استعمال کرنے پر پابندی کا اعلان کیا ہے، کابینہ کی قرارداد میں کہا گیا ہے کہ سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کو 15 سال سے کم عمر بچوں کے بنائے گئے اکاؤنٹس کی نگرانی کرکے انہیں بند کرنا ہوگا۔اسی قرارداد میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ ایسا نہ کرنے کی صورت میں ان اکاؤنٹس کو بلاک بھی کیا جاسکتا ہے۔اس مقصد کے لیے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کو 12 ماہ کی عبوری مہلت دی گئی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

یو اے ای کا اوور اسٹے والوں کیلئے 30 روزہ رعایتی ویزا کا اعلان

بغیر جرمانے کے ملک سے روانہ ہوسکتے ہیں، یہ رعایتی مدت 10 جون سے 9 جولائی 2026 تک نافذ رہے گی

اس اقدام کا مقصد قانون پر عملدرآمد کو بہتر بنانا اور متاثرہ افراد کو اپنی حیثیت درست کرنے کا موقع دینا ہے


دبئی (پینا نیوز) متحدہ عرب امارات نے علاقائی فضائی آپریشنز سے متاثرہ اوور اسٹے والوں کیلئے 30 روزہ ویزا رعایتی مدت کا اعلان کیا ہے۔یو اے ای وفاقی اتھارٹی برائے شناخت، شہریت، کسٹمز اور بندرگاہی سیکورٹی (آئی سی پی) نے غیر معمولی علاقائی حالات سے متاثرہ افراد کیلئے 30 روزہ رعایتی مدت دینے کا اعلان کیا ہے، جس کے دوران وہ اپنا قانونی اسٹیٹس درست کرسکتے ہیں یا بغیر جرمانے کے ملک سے روانہ ہوسکتے ہیں۔یہ رعایتی مدت 10 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 67)



اسلام آباد: وفاقی وزیر رانا تنویر حسین، کینیڈا کے ہائی کمشنر طارق علی خان کے ساتھ ملاقات کر رہے ہیں

بشریٰ انصاری کی ہونٹوں پر فلرز کروانے کی خبروں کی تردید

ہونٹوں پر کسی قسم کا کاسمیٹک ٹریٹمنٹ یا فلرز نہیں کرواتی، سینئر اداکارہ



لاہور (پینا نیوز) سینئر اداکارہ بشریٰ انصاری نے ہونٹوں پر فلرز کروانے کی خبروں کی تردید کردی۔بشریٰ انصاری نے حال ہی میں سوشل میڈیا پر شیئر کی گئی ایک ویڈیو میں اپنے بارے میں گردش کرنے والی افواہوں پر کھل کر بات کی۔اداکارہ کا کہنا تھا کہ وہ ہونٹوں پر کسی قسم کا کاسمیٹک ٹریٹمنٹ یا فلرز نہیں کرواتیں تاہم بعض لوگ ان پر بلاوجہ ایسا لزامات لگاتے ہیں، لوگ اکثر تبصرہ کرتے ہیں کہ انہوں نے اپنی شکل میں تبدیلی کروالی ہے، حالانکہ حقیقت اس کے برعکس ہے۔بشریٰ انصاری نے مزاحیہ انداز میں کہا کہ ناظرین انہیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

چوہدری شافع حسین کی پاک سیکرٹریٹ آمد، ہارون اختر خان سے ملاقات

لینڈ لیز پالیسی سے پنجاب میں صنعتکاری کے عمل میں تیزی آئے گی، معاون خصوصی وزیر اعظم

اسلام آباد (پینا نیوز) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین کی پاک سیکرٹریٹ اسلام آباد آمد پر وزیر اعظم کے معاون خصوصی برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان سے ملاقات ہوئی۔ملاقات میں صنعتکاری کے عمل کو مزید تیز کرنے کے حوالے سے گفتگو کی گئی۔ہارون اختر خان نے چوہدری شجاعت حسین کی خیریت دریافت کی۔صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے کہا کہ پنجاب حکومت نے صوبے میں انڈسٹری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)



محرم کے سلسلہ میں سکیورٹی صورتحال سے نمٹنے کیلئے سول ڈیفنس، سکیورٹی ادارے فرضی مشقوں میں صلاحیتوں کا مظاہرہ کر رہے ہیں

پی ٹی اے کی ڈیجیٹل سکیورٹی بہتر بنانے کیلئے اہم ایڈوائزری جاری

نام، تاریخ پیدائش یا 1234 جیسے آسان نمبرز کو پاس ورڈ بنانے سے اجتناب کریں

اسلام آباد (پینا نیوز) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے سائبر فراڈ سے بچاؤ کیلئے ڈیجیٹل سکیورٹی بہتر بنانے کیلئے ایڈوائزری جاری کردی۔پی ٹی اے ایڈوائزری میں صارفین کو آن لائن اکاؤنٹس کے تحفظ کیلئے مضبوط اور منفرد پاس ورڈز استعمال کرنے کی تاکید کی گئی ہے، شہری مضبوط اور محفوظ پاس ورڈز استعمال کرنے کی عادت اپنائیں۔ایڈوائزری کے مطابق ڈیجیٹل دنیا میں محفوظ رہنے کیلئے دو مرحلہ جاتی تصدیق فعال کریں، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 69)



ملتان، وائس چانسلر ویمن یونیورسٹی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

اے این ایف کی ملک بھر میں 7 کارروائیاں

5 خواتین سمیت 11 ملزمان گرفتار، 42.77 کلو گرام منشیات برآمد

راولپنڈی (پینا نیوز) انسدادِ منشیات فورس (اے این ایف) نے ملک کے مختلف شہروں میں 7 کارروائیوں کے دوران مجموعی طور پر 42.77 کلو گرام منشیات برآمد کرتے ہوئے 5 خواتین سمیت 11 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔اے این ایف کے ترجمان کے مطابق کارروائیاں لاہور، چارسدہ، ملتان، کراچی اور سیالکوٹ میں کی گئیں، ان کارروائیوں کے دوران 31 کلو 218 گرام آئس اور 9 کلو 600 گرام چرس برآمد کی گئی۔ترجمان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 68)



نارووال، ضلعی انتظامیہ اور پاک فوج کے افسران محرم کے سلسلے میں کنٹرول روم کا معائنہ کر رہے ہیں

زندگی بھر صحیح ساتھی کا انتظار کیا، 60 سال کی عمر میں شادی کی، سہاسنی مولے

میرے شوہر ایک معروف سائنسدان ہیں، جب وہ سائنس کی بات کرتے ہیں تو مجھے کچھ سمجھ نہیں آتا



ممبئی (پینا نیوز) بالی ووڈ کی معروف اداکارہ سہاسنی مولے نے کہا ہے کہ زندگی بھر صحیح ساتھی کا انتظار کیا، 60 سال کی عمر میں شادی کی۔ایک انٹرویو میں 75 سالہ اداکارہ نے بتایا کہ میں نے زندگی بھر صحیح ساتھی کا انتظار کیا، صرف شادی کرنے کیلئے کبھی سمجھوتہ نہیں کیا۔انہوں نے بتایا کہ اس سے پہلے مجھے کبھی ایسا شخص نہیں ملا جو میرے خیالات اور اقدار سے مطابقت رکھتا ہو، میرے شوہر ایک معروف سائنسدان ہیں، جب وہ سائنس کی بات کرتے ہیں تو مجھے کچھ سمجھ نہیں آتا، لیکن وہ ایک شاندار انسان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد جنید ملک نے درانی آرٹ پریس ملتان سے چھپوا کر A-2 خدیجہ نذیر سٹریٹ پل دیوان بہاولپور سے شائع کیا۔ریذیڈنٹ ایڈیٹر بقاء المحسن، ہیڈ آفس ملتان، پی او بکس نمبر 804 نیو ملتان
فون نمبر: 0302-8652233 asiaurdu1@gmail.com